THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Friday, 11*th September*, 1953

The House met at Two of the Clock

[MR. SPEAKER IN THE CHAIR]

Questions and Answers
(See Part-I)

Motion for Adjournment re : Broadcasting Station, Aurangabad

Mr. Speaker : I have received a notice of an Adjournment Motion which reads as follows:

"This Assembly resolves to adjourn the business of the House to discuss on a matter of urgent public importance namely: That the Government of Hyderabad has not taken steps to impress upon the Government of India the necessity and importance of retaining the Broadcasting Station at Auragabad. This failure on the part of the State Government, which has resulted in a great loss to Marathwada has created unrest among the people and may lead to disturbed conditions."

I would like to know how far this Adjournment Motion is relevant and can come within our purview. Broadcasting does not fall under the jurisdiction of the State Government.

The Chief Minister (*Shri B. Ramakrishna Rao*): Sir, This Adjournment motion is out of place and out of time–out of place, because this motion should have been moved in the House of People, and not here, and out of time, because the matter is still under the consideration of the Government of India, if I am not wrong.

The facts of the case are that the Ministry of Communications, Government of India under whose supervision and jurisdiction the broadcasting stations come seem to have got a proposal before them that the A. I. R. station at Aurangabad should be abolished. It seems they want to have a bigger Broadcasting Station at Poona, so that they can relay news from there to all the Marathwada areas. This news was conveyed to me by some M.L. As belonging to Marathwada even during

the sittings of the last session. When I went to Delhi, I made representations to Dr. B. V. Keskar, Union Minister for Information and Broadcasting. He explained to me the facts which I placed before the House just now. The Government of India want to have a bigger station at Poona and want to abolish the one at Aurangabad. It is true that representations have been made by several people from Aurangabad. A deputation waited on me at Aurangabad when I was there in the month of May, and I have forwarded those representations to the Government of India. A couple of days ago, I received another representation forwarded to me by the Collector of Aurangabad, and I sent the same to the Ministry of Communications, Government of India, with my own endorsement. All that I could do in the matter I have done. When the Hyderabad Government has done what it could in the matter there is no reason for bringing forward this motion for adjournment. As a matter of fact it is not a question of urgent public importance nor is it a matter with which the Hyderabad Government has any direct connection. I may assure the hon. Member who has given notice of this motion that I have every sympathy with the case he represents and that I shall forward all the representations of the people of Aurangabad and Marathwada to the Ministry of Communications of the Government of India. This is after all a matter that has to be decided by the Government of India.

Shri V. D. Deshpande (Ippaguda): The matter which has been brought before the House........

Mr. Speaker: Not brought before the House.

Shri V. D. Despande: I am sorry, Sir, Adjournment motion given notice of is neither out of place nor out of time. It is not out of place, because the Station is inside the Hyderadad State. It is not out of time because the Station has been turned into a relaying station and will be closed totally by October. Therefore we are not out of time. The Hyderabad Government, though not directly concerned with the problem—we are not directly concerned with the Visala Andhra problem also—has a responsibility to face, because I feel that the regional privileges of the various people of the State must be protected by the Hyderabad Government and the Chief Minister as a general protector of the three regions in Hyderabad is surely concerned with

the whole problem and if he has tried his best, then it encourages this House to strengthen his hands in discussing this matter and bringing it to the notice of the Government of India. It is an urgent problem for the people of Marathwada. If the Station could be retained in Ahmedabad, Bombay and Nagpur I do not understand why this cannot be retained in Hyderabad. Therefore I plead that this adjournment motion should be admitted and discussed and the opinion of the House conveyed to the Government of India.

Mr. Speaker : I cannot give my consent to this motion and I hold that this motion for Adjournment is not in order.

Point of Order re: Translations of Bills, Reports etc.

Shri Gopidi Ganga Reddy : (Nirmal-General) On a point of order Sir.

ये जो रिपोर्टस् और बिल्स यहां पेश किये जाते हैं अुनका तरजुमा करनेका असके पहले वादा किया जा चुका है लेकिन......

مسٹر اسپیکر- ترجمہ آپکو بھی دیا جائیگا - دو تین روز انتظار کیجئے -

श्री. गोपीडी गंगारेड्डी :–अिस में यह होरहा है कि जो अंग्रेजी जाननेवाले हैं अुनको अेक दो रोज पहले कापियां मिल रही हैं और हमको राह देखने पडती हैं अिसलिये मेरी दरख्वास्त है कि तरजुमा करके सब लोगोंको अेकही वक्त कॉपियां तकसीम हों।

مسٹر اسپیکر - آپ یہ چاہتے ھیں کہ دونوں ایک ساتھ ملیں -

श्री. गोपीडी गंगारेड्डी :– किसीको नुकसान न हो यह मेरा कहना है।

مسٹر اسپیکر - یعنی آپ کا یہ مقصد ھے کہ اگر کسی کو زیادہ فائدہ پہنچ سکتا ھے تو وہ بھی نہ پہنچے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - مقصد یہ نہیں کہ زیادہ فائدہ نہ پہنچے بلکہ یہ کہ کسی کو نقصان نہ ہو - ڈسٹرکٹ لوکل بورڈ بل آج چھ مہینے سے ھاؤس کے سامنے ھے لیکن اب تک اسکا ترجمہ نہیں دیا گیا ھے - ایسے کئی قوانین ھیں جنہیں پیش ھو کر کافی عرصہ ھوچکا ھے لیکن ترجمے آنریبل ممبرس کو نہیں ملے ھیں -

श्री. श्रीहरी मुंडेवार :– यह अुजर किया गया है कि डिस्ट्रिक्ट लोकल बोर्ड अॅक्ट के तर्जुमे नहीं दिये गये हैं। २३ अेप्रेल ५३ ई. को अुर्दु तर्जुमा तो मिला है।

شری داور حسین (نظام آباد) - دوسرے لینگویجس میں بھی اسکے ترجمے جریدہ میں شائع ہوچکے ھیں اور جریدے آنریبل ممبرس کو مہیا کردئے جاچکے ھیں -

श्री. गोपीडी गंगारेडी :– मुमकिन है पार्टीकी तरफसे आपको कापियां दीगअी हैं।

مسٹر اسپیکر - جب جریدوں میں ترجمے شائع ہوچکے ہیں تو انکی علحدہ اشاعت کی ضرورت نہیں ہے - جریدے ہر آنریبل ممبر کو ملتے ہیں -

شری بی - رام کشن راؤ - انگریزی نہ جاننے کی بھی تو کچھ سزا ملنی چاہئیے - ایک روز دیر سے اگر ترجمہ پہنچے تو یہ سمجھ لیا جاسکتا ہے کہ یہ اسی کی سزا ہے -

L. A. Bill No. XIX of 1953, the Hyderabad Abkari (Amendment) Bill 1953.

The Minister for Excise, Customs, Forests and Revenue (Shri K. V. Ranga Reddy) : I beg to introduce L.A. Bill No. XIX of 1953, a bill to amend the Hyderabad Abkari Act.

Mr. Speaker : Bill is introduced.

L. A. Bill No. XX of 1953, the Hyderabad Horse Racing & Betting Tax Regulation 1358 F. (Amendment) Bill 1953.

The Minister for Labour, Commerce and Industries (Shri V. K. Koratkar) : I beg to introduce L.A. Bill No. XX of 1953, a bill further to amend the Hyderabad Horse Racing and Betting Tax Regulation 1358 Fasli.

Mr. Speaker : Bill is introduced.

L. A. Bill No. XXII of 1953, the Hyderabad General Sales Tax (Amendment) Bill 1953.

Shri V. K. Koratkar : I beg to introduce L. A. Bill XXII of 1953, a bill further to amend the Hyderabad General Sales Tax Act, 1950.

Mr. Speaker : Bill is introduced.

L. A. Bill No. XXI of 1953, the Hyderabad State Supplementary Appropriation Bill (II) 1952.

Shri V. K. Koratker : I beg to introduce L. A. Bill XXI of 1953, a bill to authorise payment and appropriation of a further sum from and out of the Consolidated Fund of the State of Hyderabad for the service of the year ending on the 31st day of March, 1954.

Mr. Speaker: The Bill is introduced.

L.A. Bill No. XXV of 1952, the Hyderabad Commodities Tax Bill, 1952.

Minister for Rural Reconstruction and Education (Shri Devi Singh Chauhan) : I beg leave of the House to withdraw the L.A. Bill No. XXV of 1952, the Hyderabad Commodities Tax Bill, 1952.

I may be allowed to explain the circumstances under which the Government decided to withdraw this bill. Under Article 286 of the Constitution there are certain restrictions and the states are not in a position to tax every commodity they want.

Mr. Speaker : Better in Hindustani, if possible.

श्री. देवींसिग चौहान :—हुकूमत अिस बिलको अिन कारणों से वापिस लेरही है। दस्तूर हिंदकी २८६ दफा के तहत अैसे कुछ मवानयात रखे गये हैं जिनकी बिनापर स्टेटस के लिये बडी मुश्किल होगअी हैं कि वे कमोडिटीजपर कोअी टॅक्स आयद करें। और अिन्हीं डिफिकल्टीज की वजह से ट्रावनकोर और मद्रास जैसे स्टेटोंसे हायकोर्ट में मुकद्दमें चल रहे थे। हायकोर्ट ने कुछ मुस्तलिफ जजमेंट दिये। अुसकी बिना पर सुप्रीम कोर्ट में यह मुकद्दमा चला। वहां पर अैसा तसफिया हुआ। अुसका मुतालिया करने के बाद हुकूमत अिस नतीजे पर पहुंची कि अिस हालत में अिस बिलको आगे बढ़ाना ठीक नहीं है, अिससे कोई ज्यादा फायदा नहीं होगा। अिस के बाद हुकूमत हिंदने अेक अेसेन्शिअल कमोडिटीज अॅक्ट (Essential Commodities Act.) पास किया है जिसमें अैसे अजनास शरीक किये गये हैं जिनपर कोअी स्टेट कोअी टॅक्स आयद नहीं कर सकती। अिन तमाम वजूहात की बिनापर हुकूमतने यह ठीक समझा कि अिस बिल को वापिस लिया जाय।

Mr. Speaker : The Question is :

"That leave be granted to withdraw the L.A. Bill No. XXV of 1952, the Hydrabad Commotities Tax Bill, 1952."

The motion was adopted.

The Bill was, by leave of the House, withdrawn.

Consideration of the Report of the Privileges Committee on the Bhujanga Reddy's Case

Shri Gopalrao Ekbote (Chaderghat) : I beg to move: "That the House may consider the Report of the Committee on Privileges in "The Bhujanga Reddy's Case."

Mr. Speaker: I want to draw the attention of the hon. Member to the fact that the report is signed only by the Chairman.

Shri Gopalrao Ekbote: The report was signed by all the Members of the Committee and the original report placed on the table of the House contains the signatures of all the Members of the Committee.

Mr. Speaker: So, it is an unanimous report.

Shri Gopalrao Ekbote: Yes, Sir, it is an unanimous report.

Mr. Speaker: Motion moved. Does the hon. Member want to Say something on the report ?

شری گوپال راؤ اکبوٹے- بھجنگ ریڈی کا کیس ۱۸ - ستمبر سنہ ۱۹۵۲ع کے واقعہ کے سلسلہ میں ایوان کے سامنے پیش ہوا تھا - آنریبل ممبر کرینگر نے اس درخواست کو پیش کرتے ہوئے ایک واقعہ کی طرف هاؤس کی توجه مبذول کرائی تھی که راما گنڈم پولس اسٹیشن کے سب انسپکٹر بھجنگ ریڈی کے پاس آنریبل ممبر ستیاجو اس معزز ایوان کے دوسرے رکن هیں ایک مقدمه کے سلسله میں جو گرفتاریاں عمل میں آئی تھیں پوچھنے کیلئے گئے تھے - کہا گیا هے که بھجنگ ریڈی سب انسپکٹر نے ان سے فحش کلامی کی اور جو الفاظ سب انسپکٹر نے استعمال کئے هیں وہ نه صرف معزز رکن کے مراعات کے خلاف هیں بلکه اس سے اس ایوان کی عزت پر بھی ضرب کاری لگتی هے - اسلئے انکے خلاف کارروائی کرنے کیلئے درخواست پیش کیگئی - یه درخواست ۲۲ - ستمبر سنه ۱۹۵۲ع کو کمیٹی آف پریویلیجس کے سپرد کی گئی - اس کمیٹی نے بھجنگ ریڈی کا بیان لینے کے بعد ۹ گواهوں کے بیانات قلمبند کئے - طرفین کو اپنی اپنی تائید میں شہادتیں پیش کرنے کا کافی موقع دیا گیا - شہادتیں قلمبند کرنے کے بعد کمیٹی نے دو امور پر اپنی توجه مرکوز کی - اور اسی سلسلے میں اپنی رپورٹ پیش کی هے - پہلا امر جسمیں شہادتوں کی بنا پر رپورٹ پیش کی گئی هے وہ یه هے که فحش کلامی کا جو الزام سب انسپکٹر پر لگایا گیا هے آیا وہ شہادتوں سے ثابت هوتا هے یا نہیں - دوسرا امر جو کمیٹی کے زیر غور رہا وہ یه هے که شہادتوں سے جو واقعات ثابت هوتے هیں ان سے کیا کسی پریویلیج کی خلاف ورزی هوتی هے ؟- ان دونوں امور کے متعلق شہادتوں پر تبصرہ کرتے هوئے رپورٹ میں رائے ظاهر کی گئی هے که شہادتیں اس امر کو ثابت کرنے کیلئے ناکافی هیں که سب انسپکٹر نے مبینه الفاظ استعمال کئے هیں - دوسرے امر کے بارے میں اگرچیکه یه اکیڈیمک کوئسچن (Academic Question) تھا - کیونکه اگر پہلے امر کے بارے میں کوئی بات ثابت نہو تو یه آٹو ڈکٹا اکیڈیمک (**Auto Dicta Academic**)

بحث ہوجاتی ہے ۔ اس پر کافی مباحث ہوئے اسلئے رپورٹ میں اسکا بھی تذکرہ کیا گیا ہے ۔ دوسرے امر کے تعلق سے رپورٹ میں یہ رائے ظاہر کیگئی ہے کہ اس سے بریچ آف پریویلیج نہیں ہوتا ۔ نتیجتاً دونوں امور درخواست گزار کے خلاف ثابت ہوچکے ہیں ۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس مقدمہ میں نہ تو ایوان کے کسی مراعات کی خلاف ورزی ہوتی ہے نہ کسی معزز رکن کے کسی مراعات کی خلاف ورزی ہوتی ہے ۔ اسلئے کمیٹی نے سفارش کی ہے کہ اس معاملہ کو ختم کیا جائے ۔

شری سی ایچ ۔ وینکٹ رام راؤ (کریم نگر) ۔۔ جو رپورٹ مجھے وصول ہوئی تھی میں نے اوسکو پڑھا ۔ اسکی تفصیلات میں جانے سے پہلے آنریبل اسپیکر کی توجہ جس جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ اس رپورٹ کا پیرا گراف نمبر ۳ ہے جو یہ ہے ۔

"His statement was accordingly recorded giving ample opportunity to Shri Ch. Venkat Rama Rao and Shri Muthayya for cross-examination."

مجھے عرض کرنا یہ ہے کہ نہ آنریبل ممبر متیا اوس وقت موجود تھے اور نہ میں موجود تھا کیونکہ مجھے جو انفرمیشن ملا اوسکی روسے مجھے ۲۷ ۔ جون کو طلب کیا گیا تھا اوس وقت سب انسپکٹر صاحب نہیں بلائے گئے تھے اور انکے آنے کے وقت .....

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ پریویلیجس کمیٹی کی رپورٹ پر ایوان میں واقعات کے تعلق سے بحث نہیں ہوسکتی ۔ ہاؤز کا کنونشن یہی ہے کہ پریویلیجس کمیٹی کی رپورٹ پر نکتہ چینی نہیں ہوسکتی ۔

مسٹر اسپیکر ۔ رول نمبر (۲۲۶) دیکھئے ۔

(*Pause*)

شری سی ایچ ۔ وینکٹ رام راؤ ۔ میں امنڈمنٹ پیش کرنا چاہتا ہوں اسلئے مجھے وقت دیا جائے کیونکہ یہ رپورٹ مجھے رات ہی میں وصول ہوئی ہے ۔ مجھے وقت نہیں ملا ہے کہ میں اس پر غور کروں ۔

مسٹر اسپیکر ۔ کافی وقت تھا ۔ رول نمبر (۲۲۶) یہ ہے

Any member may give notice of an amendment to the motion for consideration of the report referred to in Rule 225 in such form as may be considered appropriate by the Speaker."

"Provided that an amendment may be moved that the question be recommitted to the Committee either without limitation or with reference to any particular matter"

شری سی ۔ یچ - وینکٹ رام راؤ ۔ امنڈمنٹ کیلئے آنریبل اسپیکر صاحب وقت دے سکتے ھیں ۔

مسٹر اسپیکر - یہ ضروری نہیں ھے ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے -(۲۲۵) میں یہ لکھا گیا ھے کہ :-

" As soon as may be, after the report has been presented the Chairman or any member of the Committee shall move that the report be taken into consideration."

The words used are ' as soon as may be '

کل ھی رپورٹ کنسیڈریشن کیلئے آئی ھے ۔ آنریبل ممبر کو اس پر غور کرنے کا موقع نہیں ملا ھے کیونکہ انہیں کل رات کو یہ رپورٹ ملی ھے ۔ ان حالات میں متعلقہ آنریبل ممبر کو اس کا موقع ملنا چاھئے تاکہ وہ امنڈمنٹ پیش کرسکیں ۔

شری متیا (پدا پلی) - رپورٹ میں میرے متعلق یہ کہا گیا ھے کہ سب انسپکٹر صاحب جس وقت آئے تھے اوس وقت میں موجود تھا حالانکہ یہ غلط ھے ۔ اسکے علاوہ مجھے یہ کہنا ھے کہ یہ رپورٹ انگریزی میں مرتب کیگئی ھے اسلئے اوس میں اور کیا کیا باتیں ھیں ھمیں معلوم کرنا مشکل ھے اسلئے اسکا ترجمہ تلنگی میں ھمیں دیا جاتا تو بہتر ھوتا ۔ اسلئے امنڈمنٹ موو کرنے کیلئے وقت دیا جانا چاھئے ۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے - ھاؤز میں ڈسکشن شروع ھونے سے پہلے اس قسم کا موقع طلب کیا جاسکتا تھا لیکن ڈسکشن کے درمیان میں یہ کہنا کہ ڈسکشن شروع نہ کیا جائے رول نمبر ۲۲۵ و ۲۲۶ کے خلاف ھوگا ۔ مسئلہ پیش ھونے کے بعد ھی امنڈمنٹ کیلئے مہلت طلب کیجاسکتی ھے لیکن ڈسکشن شروع ھونے کے بعد یہ کہنا کہ موقع دیا جائے درست نہیں ھے ۔

Mr. Speaker : The Member has already stated something.

Shri V. D. Deshpande : Rule 226 says...'in such form as may be considered appropriate by the Speaker.'

اب تک ھاؤز میں اس قسم کے کوئی امنڈمنٹس پیش نہیں ھوے ھیں ۔ یہ پہلا موقع ھے کہ امنڈمنٹ پیش کیا جارھا ھے ۔ ان حالات کے تحت مجھے امید ھے کہ اجازت دیجائیگی ۔

مسٹر اسپیکر - پریویلیجس کمیٹی نے جو تجاویز پیش کئے ھیں ابکا علم تو آپکو پہلے سے ھوگا ۔

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ - مجھے پہلے سے کوئی اطلاع نہیں ملی ھے کل رات کو ھی اطلاع ملی ھے ۔

Mr. Speaker : What is the amendment the hon. Member is going to propose ?

Shri Ch. Venkat Rama Rao : The sentence : " His statement was accordingly recorded giving ample opportunity to Shri Ch. Venkat Rama Rao and Shri Muthayya for cross-examination " in the report should be deleted.

جو الفاظ میں نے ابھی پڑھے ھیں انکو نکال دیا جائے۔ یہی میرا امنڈمنٹ ھے ۔

مسٹر اسپیکر -کیا یہ صحیح نہیں ھے؟

شری سی ایچ- وینکٹ رام راؤ- بالکل صحیح نہیں ھے ۔

مسٹر اسپیکر - یہ ذرا مشکل ھوگا ۔ پریویلیجس کمیٹی نے اسکو یونانیمسلی (Unanimously) قبول کیا ھے اب اسکے خلاف کہا جائے تو یہ چیز تحقیقات طلب ھوجائیگی۔ میں سمجھتا ھوں کہ ڈسیشن پر ھاؤز کے ممبروں کو اختلاف رائے ھوسکتا ھے لیکن واقعات کی حد تک اختلاف نہیں ھونا چاھئیے ۔

شری بی - ڈی - دیشمکھ (بھوکردن - عام)- یہ مسئلہ کمیٹی کو ری ریفر (Re refer) کیا جائے تو مناسب ھے۔ میں بھی اس کمیٹی کا ممبر ھوں۔ اس لحاظ سے بھی میں کہونگا کہ یہ مسئلہ کمیٹی کو ری ریفر کیا جائے ۔

Mr. Speaker : I think the hon. Member is not the proper person to do it because it amounts to his going back on his own decision. As a member of the Privileges Committee, he has signed that report; and the presumption when once he signs it, is that he has read the report, understood it and endorsed as correct what has been stated therein.

**Shri V. D. Deshpande :* I may be permitted to bring the amendment, with your permission, Sir, that this particular sentence, viz., 'His statement was accordingly recorded giving ample opportunity to Shri Ch. Venkat Rama Rao and Shri Muthayya for cross-examination' be re-referred to the Committee for further consideration over it. The members concerned are challenging the veracity of that statement and they assert that they were not given opportunity, much less ample opportunity, for cross-examination. That being so, how can that sentence be allowed in the report ?

Mr. Speaker : The point is whether facts can be disputed.

Shri V. D. Deshpande : Yes, when members concerned challenge them, it amounts to questioning their *bona fides.* They say they were not given opportunity.

Mr. Speaker : Does it not then mean that the hon. member is questioning the bonafides of the report of the Privileges Committee.

Shri V. D. Deshpande : To avoid, therefore, that difficulty, I suggest that the matter may be rereferred to the Privileges Committee to refresh their memory on that particular point.

Shri B. Ramakrishna Rao : I think it is not a proper amendment to be tabled in the House. When the Privileges Committee submit their report to the House, the facts are not disputed and it is not usually the practice of the House of Commons or any Assembly or Parliament to dispute the facts which are stated in the Report. The amendment just now proposed by the hon. Leader of the Opposition purports to say that a statement made in the report of the Privileges Committee is false or that it is not correct. That kind of amendment cannot be tabled. There is no doubt a provision in Rule 226 of the Assembly Rules that the matter may be rereferred to the Committee. The matter of the privilege can be rereferred to the Committee if the House is convinced that there are proper reasons for doingso, but it is not on a particular sentence appearing in the report of the Committee, that it could be rereferred. All the statements contained in the report are presumed to be true and correct and it is not proper to challenge them. Not even a complaint challenging the veracity of the statements contained in the report be allowed. If, on consideration of the facts themselves and the law arising from the facts, the House comes to the conclusion that the matter deserves to be rereferred, that may be done, but not on a particular sentence contained in the report. Therefore, the amendment, I submit, is not in order.

شری عبدالرحمن (مالک پیٹھ) ـ مسٹر اسپیکر سر .. پہلے ہمکو یہ طے کرنا ہے کہ ترمیم قبول کی جاسکتی ہے یا نہیں .. آنریبل ممبر شری متیا نے کہا کہ وہ سب انسپکٹر کی طلبی کے وقت موجود نہیں تھے اور انہوں نے یہ بھی کہا کہ انہیں تلنگی میں رپورٹ کی کاپی نہیں ملی ہے جسکی وجہ سے وہ پوری طرح سمجھنے سے قاصر ہیں . پہلے ہمکو یہ طے

کرنا ہے کہ ترمیم قبول کی جاسکتی ہے یا نہیں۔ اسکے بعد اسکے جواز یا عدم جواز پر بحث کی جاسکتی ہے ۔

شری کے۔ وینکٹ رام راؤ (چنا کنڈور) ۔کراس اگزامینیشن کا موقع دینے یا نہ دینے کے تعلق سے جو بحث کی جا رہی ہے وہ ایسا مسئلہ ہے کہ اگر کراس اگزامینشن کا موقع نہیں دیا گیا ہے تو بھجنگ ریڈی وغیرہ کے دوسرے سارے بیانات پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا ۔ چونکہ یہ تمام واقعات ھاؤز کے سامنے آچکے ہیں کہ کراس اگزامینیشن کا موقع دیا گیا یا نہیں اور اس پر بحث و مباحث ہو رہے ہیں اسلئے بہتر یہ ہوگا کہ ان تمام چیزوں پر غور کرکے یہ امنڈمنٹ پیش کرنا چاہئے کہ اس مسئلہ کو ری ریفر کیا جائے۔ . .

اس سلسلہ میں رول (۲۲۷) صاف ہے ۔ اس میں اسپیکر صاحب کو اختیارات دئے گئے ہیں جسکے تحت وہ مناسب ڈائرکشنس دے سکتے ہیں یعنی ۔

"The Speaker may issue such directions as he may consider necessary for regulating the procedure in connection with all matters connected with the consideration of the question of privilege either in the Committee or in the Assembly."

اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ایک دفعہ کمیٹی میں ریفر کئے جانے کے بعد اسپیکر صاحب یا ھاؤز کے اختیارات ختم ہو جاتے ہیں ۔ اسپیکر صاحب کو وسیع اختیارات ہیں ان کے تحت اس امنڈمنٹ کو اڈمٹ (Admit) کرکے اس مسئلہ کو کمیٹی کے حوالہ کرنا چاہئے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ اتنے مباحث کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ اگر کسی کو امنڈمنٹس پیش کرنے ہوں تو وہ کل ۱۲ بجے تک پیش کردئے جائیں کیونکہ رپورٹ کل شام کو مل گئی ہے ۔ دوسرے یہ کہ جو بھی امنڈمنٹس پیش کئے جائیں وہ رولس کے تحت پیش کئے جائیں ۔ میں محسوس کر رہا ہوں کہ رولس کی پابندی کو پیش نظر نہیں رکھا جاتا ۔

Shri V. D. Deshpande: Mr. Speaker, Sir, May I know whether any form has been prescribed in this respect as mentioned in Rule 226 ?

Mr. Speaker : The rule is there and, of course, it has to be followed. It is stated there ····" in such form as may be considered appropriate by the Speaker."

لہذا کسی کو امنڈمنٹ پیش کرنا ہو تو وہ کل پیش کرسکتے ہیں ۔

شری سید حسن (حیدرآباد سٹی) ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ مجھے دو بجے رپورٹ ملی ہے چونکہ ایک رپورٹ سے میرا بھی تعلق ہے اس لئے کافی موقع ملنا چاہئے ۔

مسٹر اسپیکر - کونسی رپورٹ سے -

شری سید حسن - هوم منسٹر کے کیس کی رپورٹ سے -

Mr. Speaker : All the five reports will be taken up on the 14th inst. and amendments, if any, may be given before 12 noon on that day.

Shri Shripat Rao Laxman Rao Newasekar (Aurangabad) : Mr. Speaker, Sir, I submit that the motion moved was only for consideration of one report, viz: " The Bhujanga Reddy's case." Others have not been moved for consideration. The motions for consideration of all the reports should be moved first and then the amendments will come later on.

Mr. Speaker : The reports have already been presented.

Shri S. L. Newasekar : But the amendments must come after the motion for the consideration of the reports has been moved.

Mr. Speaker : That is too technical.

L.A. Bill No. XVI of 1953, The Wali-ud-Dowla Succession (Decision of Disputes) (Reapealing) Bill, 1953

Shri B. Ramakrishna Rao : Mr. Speaker, Sir, I beg to move :

" That L. A. Bill No. XVI of 1953, a Bill to repeal the Wali-ud-Dowla Succession (Decision of Disputes) Act, 1950, be read a first time."

Mr. Speaker : Motion moved :

شری بی - رام کشن راؤ - مسٹر اسپیکر سر - جو بل میں پیش کر رھا ھوں وہ بالکل ایک رسمی بل ہے - اس کے واقعات یہ ھیں کہ ولی الدولہ اسٹیٹ کے سکسیشن (Succession) کے بارے میں اون کے ورثاء میں نزاع تھی جو برسوں پیشتر سے چل رھی تھی - ایک فرمان کی رو سے اس کے لئے ایک کمیشن کا تقرر کیا گیا - اوس نے رپورٹ پیش کی - اسکے بعد پھر وہ مقدمہ ھائی کورٹ کے تین ججس کے سپرد ھوا - ان کی رائے پیش ھوئی اسکے بعد فرامین صادر ھوئے - بالآخر ملٹری گورنر کے زمانے میں ایک فریق کی

درخواست کی بناء پر تجویز ہوئی جسکو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا ۔ اور وہ الٹراوائرس قرار پایا ۔ اس درمیان میں جو تجویز ملٹری گورنر کے پاپیش ہوئی اوس ضمن میں سرجارج اسپنس نے مقدمہ سننے کے بعد جومشورہ دیااوس کی بنا پر ولی الدولہ سکسیشن (ڈیسیشن آف ڈسپیوٹس ایکٹ ۱۹۵۰ ع) (Decision of Disputes Act, 1950) کے نام سے ایک ایکٹ بنایا گیا ۔ اس طریقہ پر اس تجویز کی تعمیل ہوئی لیکن اسکو چیلنج کیا گیا اور ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ نے اس کو منسوخ کردیا ۔ وہ ایکٹ ابھی تک اسٹیٹوٹ بک پر ہے اس کو ری پیل کرنے کے لئے میں نے فارمل بل لایا ہے ۔ اس کا آپریٹیو سکشن (۲) یہ ہے ۔

"The Wali-ud-Dowla Succession (Decision of Disputes) Act, 1950 is hereby repcaled "

یہ بالکل ایک صاف بل ہے میں سمجھتا ہوں اس میں کسی کو اختلاف نہیں ہے ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔۔ ہمارے دفتروں میں کافی کچرا جمع ہو گیا تھا اوسکو دور کرنے کے لئے جو کوشش کی جا رہی ہے وہ قابل مبارک باد ہے ۔ مجھے امید ہے فوراً اس بل کو پاس کردیا جائیگا ۔

Shri Ratanlal Kotecha (Patoda) : Mr. Speaker, Sir, is the word 'Kachra' parliamentary ?

(*Laughter*)

(There was no answer).

Mr. Speaker : I shall now put the question. The question is :

" That L. A. Bill No. XVI of 1953, a Bill to repeal the Wali-ud-Dowla Succession (Decision of Disputes) Act, 1950, be read a first time."

The motion was adopted.

Shri B. Ramakrishna Rao : Mr. Speaker, Sir, I beg to move.

" That L. A. Bill No. XVI of 1953, a Bill to repeal the Wali-ud-Dowla Succession (Decision of Disputes) Act, 1950, be read a second time."

Mr. Speaker : The question is :

" That L. A. Bill No. XVI of 1953, a Bill to repeal the Wali-ud-Dowla Succession (Decision of Disputes) Act, 1950, be read a second time."

The motion was adopted.

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 2 stand part of the Bill.

The motion was adopted.

Cl. 2 was added to the Bill.

Mr. Speaker : The question is :

"That short title, commencement, and Preamble stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Short title, commencement and Preamble were added to the Bill.

Shri B. Ramakrishna Rao : Mr. Speaker, Sir, I beg to move :

"That L. A. Bill No. XVI of 1953, a Bill to repeal the Wali-ud-Dowla Succession (Decision of Disputes) Act, 1950, be read a third time and passed."

Mr. Speaker : The question is :

'That L.A. Bill No. XVI of 1953, a Bill to repeal the Wali-ud-Dowla Succession (Decision of Disputes) Act, 1950, be read a third time and passed.'

The motion was adopted.

L. A. Bill No. XVII of 1953, The Restriction of Cash Crops Cultivation Regulation (Repealing) Bill 1953

The Minister for Supply & Agriculture : (Dr. Chenna Reddy.) Mr. Speaker : Sir, I beg to move :

"That L.A. Bill No. XVII of 1953, a Bill to repeal the Restriction of Cash Crops Cultivation Regulation, 1358 Fasli, be read a first time."

Mr. Speaker : Motion moved :

ڈاکٹر چنا ریڈی- اسپیکر سر- سنہ ۱۳۵۳ ف میں دی رسٹرکشن آف کیاش کراپس کٹیویشن ریگولشن (The Restriction of Cash Crops Cultivation Regulation) نافذ کیا گیا تھا - تاکہ فوڈ گرینس (Foodgrains) کے ایکریج میں اضافہ کیا جاسکے - بعد میں کاٹیویشن آف کاٹن کے لئے ترغیب دینے کی خاطر اسمیں ترمیم بھی کی گئی لیکن صحیح معنوں میں سنہ ۱۹۴۸ع سے اس ریگیولیشن کا پینل کلاز کبھی بھی عمل میں نہیں آیا - گویا ابتداهی سے اس پر عمل نہیں کیا گیا - اس لئے اس کو واپس لینے کے لئے میں نے یہ ریپیلنگ بل بیش کیا ہے - یہ کچرا نہیں ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن کو اس کے قبول کرنے میں کوئی تامل نہیں ہوگا -

شری وی- ڈی - دیشپانڈے- مسٹر اسپیکر سر - جو بل ہاؤز کے سامنے آیا ہے اس میں ایک بہت بڑا کمٹمنٹ (Commitment) ہے جو ایمس اینڈ ابجکٹس (Aims & Objects) میں بتلایا گیا ہے -

"The Restriction of Cash Crops Cultivation Regulation which was promulgated in 1353 F. did not as was expected lead to an increase in the area under food crops...."

جس مقصد کے لئے یہ ریگولیشن بنایا گیا تھا اگر وہ مقصد پورا نہیں ہوتا تو اس کو ایسٹاٹیوٹ بک (Statute Book) پر رکھنا بے معنی ہو جاتا ہے - لیکن یہ بات ضرور دیکھنا ہے کہ اس کی وجہ سے مطلب پورا نہ ہوا ہوتو اسکے یہ معنے نہیں کہ وہ کام ہمیں کرنا ہی نہیں ہے - یہ انتباہ میں منسٹر صاحب متعلقہ کو دینا چاہتا ہوں - اگر اسکو "کچرا" نہ کہا جائے تو اور کیا کہنا چاہئے - سپلائی ڈپارٹمنٹ میں کافی کچرا موجود ہے جسے صاف کرنا ہے - لہذا میں سمجھتا ہوں کہ اس بل کو پاس کیا جائے -

Mr. Speaker: The question is :

"That L.A. Bill No. XVII of 1953, a Bill to repeal the Restriction of Cash Crops Cultivation Regulation, 1353 Fasli be read a first time."

The Motion was adopted.

Dr. Chenna Reddy : Sir, I beg to move :

"That L.A. Bill No. XVII of 1953, a Bill to repeal the Restriction of Cash Crops Cultivation Regulation, 1353-Fasli be read a second time."

Mr. Speaker: The question is:

"That L.A. Bill No. XVII of 1953, a Bill to repeal the Restriction of Cash Crops Cultivation Regulation, 1353 Fasli be read a second time."

The Motion was adopted.

Mr. Speaker: The question is :

"That clause 2 stand part of the Bill."

The Motion was adopted.

Clause 2 was added to the Bill.

Mr. Speaker: The question is:

"That short title, extent, commencement and preamble stand part of the Bill."

The Motion was adopted.

The Short title, extent, commencement and Preamble were added to the Bill.

Dr. Chenna Reddy: Sir, I beg to move:

"That L.A. Bill No. XVII of 1953, a Bill to repeal the Restriction of Cash Crops Cultivation Regulation, 1353 Fasli be read a third time and passed."

Mr. Speaker: The question is:

"That L.A. Bill No. XVII of 1953, a Bill to repeal the Restriction of Cash Crops Cultivation Regulation, 1353 Fasli be read a third time and passed."

The Motion was adopted.

L. A. Bill No. XVIII of 1953, the Hyderabad Municipal and Town Committees (Amendment) Bill 1953.

The Minister for Local Government: (Shri, Anna Rao Ganamukhi) : Sir, I beg to move :

"That L.A. Bill No. XVIII of 1953, a Bill to amend the Hyderabad Municipal and Town Committees Act, 1951 be read a first time."

Mr. Speaker: Motion moved.

شری انارؤ گن مکھی - مسٹر اسپیکر سر - اس بل کے لانے کا مقصد یہ ہے کہ سکشنس ۹۸ اور ۱۲۳ میں ترمیم کی جائے - یہ ترمیمات اس لئے لائی گئی ہیں کہ پروفیشن ٹیکس جو میونسپالٹیز عائد کرتے ہیں اس میں جو چیزیں دیکھی جاتی ہیں وہ خاص طور پر آمدنی کے اعتبار سے دیکھی جاتی ہیں - اس وجہ سے لوگوں پر اسکا بار پڑ رہاتھا - چنانچہ کانسٹیٹیوشن کی دفعہ ۲۷۶ کے تحت ۲۵۰ روپیہ سے زائد ٹیکس عائد نہیں کیا جاسکتا - لیکن فلاٹ ریٹ (Flat rate) کے الفاظ ہونے کی وجہ سے کسی بھی دھندے کے لوگوں کو لیجئے تمام پر ایک ہی شرح سے ٹیکس عائد کیا جائیگا - اس میں انکم ٹیکس کی طرح ریٹرنس (Returns) نہیں منگرائے جائینگے- فرض کیجئے کہ ایک فیکٹری ہے جہاں ۱۰ ہارس پاور سے کام ہوتا ہے اور ایک دوسری فیکٹری ہے جہاں ۲۰ - ۲۵ ہارس پاور سے کام ہوتا ہے لیکن دونوں فیکٹریز کو وہی ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے ایک اور مثال لیجئے - ایک حجام ہے جو گھر گھر پھر کر حجامت بناتا ہے اور ایک دوسرا حجام سیلون لگاتا ہے لیکن دونوں کو وہی ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے - چنانچہ فیکٹریز کے سلسلہ میں جب لیگل ڈپارٹمنٹ سے مشورہ لیا گیا تو گورنمنٹ کا مقصد اس میں گریڈیشن (Gradation) کرنے کا تھا - لیکن فلاٹ ریٹ کے الفاظ ہونے کے باعث ایک ہی شرح سے ٹیکس عائد ہوتا تھا - اس دقت کو دور کرنے کے لئے اس دفعہ میں ترمیم لائی گئی ہے تا کہ آئندہ میونسپالٹیز کو اختیار رہے کہ ایک ہی قسم کا دھندہ کرنے والوں پر رفلی (Roughly) اندازہ قائم کرتے ہوئے ٹیکس عائد کیا جائے کیونکہ انکم ٹیکس کے سلسلہ میں جسطرح ریٹرنس طلب کئے جاتے ہیں اس طرح تو نہیں کیا جاسکتا - بلکہ اس پروفیشن میں گریڈیشن قائم کرکے ٹیکس عائد کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے تا کہ آئندہ جو رولس بنائے جائیں اس میں اسبات کا لحاظ رکھا جائے -

سکشن ۱۲۳ کے لحاظ سے ایک مشکل یہ پیدا ہوگئی تھی کہ میونسپل اینڈ ٹاؤن کمیٹیز ایکٹ کے نافذ ہونے سے قبل جو بیلنسس (Balances) تھے اور ایکٹ کے نافذ ہونے کے بعد بھی جو بیلنسس تھے ان میں سے کم سے کم پانچ ہزار کی حد تک وہ صرف کرسکتے تھے - لیکن ایک شرط یہ تھی کہ ایکٹ سے پہلے کے بیلنسس میں سے ایک پائی بھی خرچ کرنا ہوتو اس کے لئے گورنمنٹ کی منظوری ضروری ہوگی - لیکن اسکے باوجود کچھ رقم جو ایکٹ کے نفاذ کے پہلے کی تھی خرچ کی گئی جسکی وجہ سے حسابی پیچیدگیاں پیدا ہوگئیں - یہاں ''اکیومیلیٹڈ بیلنس'' (Accumulated balance)

کے الفاظ استعمال کئے گئے ھیں - چنانچہ حسابی پیچیدگیوں کو ختم کرنے اور میونسپالیٹیز کو اپنا کام کرنے میں سہولت دینے کی خاطر یہ مسودہ قانون پیش کیا گیا ھے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - مسٹر اسپیکر سر - ھاؤز کے سامنے جو امنڈنگ بل آیا ھے اس سلسلہ میں مجھے یہ عرض کرنا ھے کہ دیرینہ نہ سہی لیکن حکومت کا لنگ ٹوٹ رھا ھے - میونسپل الکشنس کے زمانے میں جب میں اضلاع میں گیا تھا تو بہت سے مقامات پر لوگوں نے مجھ سے کہا کہ یہ الکشن ایسا معلوم نہیں ہو رھا ھے جو حقوق دینے کے لئے کیا جاتا ھے بلکہ ایسا معلوم ھو رھا ھے کہ اس سے صرف ٹیکس ھی عائد کئے جائینگے - حجام کا کہنا تھا کہ مجھے روزآنہ کھانے کے لئے ھی کچھ نہیں ملتا تو پھر ٹیکس کیسے ادا کرسکتا ھوں - دھوبی اور ایک معمولی مزدوری جو اپنے سر پر لکڑیوں کا گٹھا اٹھاتی ھے وہ بھی یہی کہہ رھے تھے - چنانچہ چند مقامات پر یہ کہا گیا کہ ایسی کوئی کوشش کیجئے کہ ھمارے پاس کمیٹی قائم ھی نہونے پائے - جب ھمارے پاس یہ حالات ھیں تو قانون بناتے وقت اس کا لحاظ کیا جانا چاھئے - حکومت ھند جو انکوائری کمیٹی (Enquiry committee)اسبارے میں مقرر کی ھے اسکی بھی یہی سفارشات ھیں کہ پروفیشن ٹیکس ایسے مقامات پر عائد کرنے کے لئے ان چیزوں کو ملحوظ رکھنا چاھئے - میرا تو یہ خیال ھے کہ ایسے چھوٹے چھوٹے مقامات پر پروفیشن ٹیکس عائد ھی نہ کرنا چاھئے - یہ ھوسکتا ھے کہ میونسپل ٹاؤنس مثلاً اورنگ آباد - جالنہ وغیرہ میں تو کسی حدتک لوگ یہ ٹیکس برداشت کرسکتے ھوں لیکن چھوٹے مقامات کے دھندے والے لوگ خاص طور پر وہ جنھیں ھینڈی کرافٹ (Handicraft) کہا جاتا ھے اس ٹیکس کو برداشت نہیں کرسکتے - اس لئے میرا یہ خیال ھے کہ ان کو اکسکلوڈ (Exclude) ھی کیا جائے تو مناسب ھے - لیکن اس وقت فلاٹ ریٹ کے طریقہ کو ختم کرنے کے لئے جو اقدام کیا جا رھا ھے وہ ایک اچھی بات ھے - آنریبل منسٹر صاحب نے فرمایا ھے کہ انکم ٹیکس کی طرح ریٹرنس نہیں منگوائے جاسکتے -

شری اناراؤ گن مکھی - میں نے صرف یہ کہا ھے کہ ریٹرنس وغیرہ طلب نہیں کئے جاسکتے -

شری - وی - ڈی - دیشپانڈے - میں یہ کہہ رھا ھوں کہ جو آمدنی ان چھوٹے دھندے والوں کی رھتی ھے اسکے لحاظ سے یہ ٹیکس عائد کرنا چاھئے - اس لحاظ سے جو اسٹپ لیا گیا ھے وہ بہت ھی مناسب ھے - اسلئے جو ترمیم پیش کی گئی ھے میں اسکی تائید کرتا ھوں - لیکن شائد اسکو گریڈڈ بنانے کے لئے مجھے امنڈمنٹ لانا پڑیگا -

دوسری بات اکیوملیٹیڈ بیالنس کے سلسلہ میں ھے - اس ضمن میں مجھے یہ کہنا ھے کہ ھمارے حکومت کے پاس حکومت مقامی کا جو تصور ھے وہ ایک ایسے باپ کی طرح

ھے جو اپنے بیٹے پر بھروسہ کرنے کے لئے تیار نہیں - شائد وہ یہ سمجھ رہا ھے کہ بچہ ابھی چھوٹا ھے - صرف پانچ سال کا ھے - اس کام کو سنبھال نہیں سکتا - لیکن کیا وہ ۲۱ سال کا ھوکر بھی مقابلہ کرنے کے قابل نہیں سمجھا جاسکتا - اسی طرح جو حقوق ھمیں میونسپالٹیز اور ڈسٹرکٹ بورڈز کو دینا چاھئے وہ نہیں دے رہے ھیں اور معاشی لحاظ سے تو انہیں اسٹارو (Starve) کیاجا رھا ھے - ڈسٹرکٹ بورڈ پرتو میں تفصیل کے ساتھ اپنے خیالات اس مسئلہ پر ھاوز میں ڈسکشن کے وقت رکھونگا - لیکن یہاں اکیوملیٹیڈ بیالنسس کے سلسلہ میں یہ کہنا چاھتا ھوں کہ جو تحدید عائد کی گئی ھے وہ مناسب نہیں - جب ھماری حکومت بیالنسس خرچ کرسکتی ھے اور اتنا ھی نہیں بلکہ ڈیفسٹ بجٹ (Deficit Budget) رکھتی ھے تو انہیں بھی اسکی اجازت ملنی چاھئے - ان پر تو یہ شرط بھی لگائی گئی ھے کہ وہ آئندہ سال کے لئے بیالنس رکھتے ھوے خرچہ کریں پھر اسکے باوجود ایک اور شرط لگانا کہ اکیوملیٹیڈ بیالنسس حکومت کی اجازت کے بغیر خرچ نہ کئے جائیں مناسب نہیں ھے - گو یہ چیز یہاں رکھی گئی ھے کہ ایکٹ کے نفاذ سے پہلے کے بیالنسس کے لئے ھی حکومت کی منظوری کی ضرورت ھے - اس طرح حکومت کا کنٹرول میونسپالٹیز پر بہت بڑھ گیا ھے - میں سمجھتا ھوں کہ میونسپالٹیز کو اپنا گھر آپ سدھارنے کا موقع ملنا چاھئے - اب وہ اس بچے کی طرح نہیں ھیں جن پر باپ بھروسہ نہیں کرسکتا - وہ اب بڑے ھوگئے ھیں اور اب ان میں بجائے باپ اور بیٹے کے فرق کے بڑے بھائی اور چھوٹے بھائی کا فرق رہ گیا ھے - اسلئے میں یہ ترمیم کرونگا کہ ڈسٹرکٹ بورڈس کو لوکل بورڈس سے زیادہ ملنا چاھئے - میں ڈسٹرکٹ بورڈس کے سلسلہ میں جس وقت اپنے خیالات ظاھر کرونگا اس وقت اسکی تفصیل سے وضاحت کرونگا تاکہ صحیح معنوں میں حکومت مقامی قائم ھو -

شری اناراؤ گن مکھی - مسٹر اسپیکرسر - فلاٹ ریٹ کے بارے میں تو ویلکم کیا گیا ھے - گورنمنٹ جب رولس بنائیگی تو اس کو ملحوظ رکھیگی - فلاٹ ریٹ نکالنے کا مقصد جیسا کہ اسٹیٹمنٹ آف آبجکٹس اینڈ ریزنس (Statement of Objects & Reasons) میں بتلایا گیا ھے انکم (Income) کے لحاظ سے ھر دھندہ کرنے والے پر ٹیکس عائد کیا جائیگا - اسکے ساتھ یہ بھی کہا گیا کہ جو چھوٹے چھوٹے ٹاؤن کمیٹیز ھیں وھاں پروفیشن ٹیکس عائد نہ کیا جائے بشرطیکہ دوسرے ٹیکسس سے انکے کاروبار بخوبی چل سکتے ھوں - میں اس بارے میں صرف اسقدر کہونگا کہ گورنمنٹ پروفیشن ٹیکس کے بارے میں صرف رولس بناتی ھے اور جو کمیٹیاں ھیں وہ اختیار رکھتی ھیں کہ وھاں کے حالات کے لحاظ سے ٹیکسس عائد کریں یا نہ کریں - گورنمنٹ کسی میونسپل کمیٹی کو مجبور نہیں کرتی کہ پروفیشن ٹیکس لازماً عائد کیا جائے - اسلئے یہ اعتراض کہ چھوٹے چھوٹے مقامات پر اسکو عائد نہ کیا جائے میں سمجھتا ھوں کہ صحیح نہیں ھے - کیونکہ ٹاؤن میونسپالٹیز اور بڑے میونسپالٹیز اسکر مقتدر ھیں کہ یہ ٹیکس عائد

کریں یا نہ کریں ۔ گورنمنٹ نے صرف مینیمم (Minimum) اور میگزیمم (Maximum) کے لئے رولس فکس (Rules Fix) کردئے ہیں ۔ اسکی مطابقت میں میونسپالٹیز چاہیں تو عائد کریں یا نہ کریں ۔

اکیومیلیٹیڈ بیالنسس کے بارےمیں بھی کہا گیا ۔ ہمنے جو امنڈنگ بل پیش کیا ہے اس کا منشاء یہ ہے کہ میونسپالٹیز ٹاؤن کمیٹیز ایکٹ کے نفاذ سے پہلے کے جو بیلنس ہیں انکو رفع کیا جائے ۔ اصل پراویژن میں کسی بیلنس کے لئے اختیار نہیں چاہا جارہا ہے ۔ اس میں جو امنڈمنٹ لانا ہو آنریبل ممبر لاسکتے ہیں ۔ ہمنے جو امنڈنگ بل پیش کیا ہے وہ بالکل سمپل (Simple) ہے ۔ اس میں دوسرے کنسیڈریشنس لانا کہ بیلنس خرچ کرنے کا اختیار نہیں ہے یا یہ کہ باپ بیٹے کے تعلقات اچھے نہوں یا باپ بوڑھا ہوچکا ہے اور بیٹے بالغ ہوں، یا یہ کہ بیٹے چھوٹے ہوں اور باپ ہوشیار ہو یہ سب کنسیڈریشن ایسے ہیں کہ ان پر اس وقت بحث غیر متعلق ہے ۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ حسابات ٹھیک ہو جائیں ۔ بیالنسز میں سے میونسپالٹیز اسٹابلشمنٹ وغیرہ کے لئے خرچ کرسکتی ہیں ۔ گورنمنٹ بھی تو انہیں گرانٹ یا امداد دیتی ہے اس پر کنٹرول اور نگرانی رہنا بھی ضروری ہے ۔ بہر حال دشواریوں کو دور کرنے اور بہتر بنانے کے لئے یہ امنڈنگ بل پیش کیا گیا جو بالکل سمپل ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس پر اعتراض نہیں ہونا چاہئے ۔

Mr. Speaker: The question is:

"That L.A. Bill No. XVIII of 1953, a bill to amend the Hyderabad Municipal and Town Committees Act 1951, be read a first time.

The motion was adopted.

L.A. Bill No. XIV of 1953, the Hyderabad Prize Competitions Control and Tax Bill 1953.

Shri V. K. Koratkar: I beg to move:

"That L.A. Bill No. XIV of 1953, The Hyderabad Prize Competitions Control and Tax Bill, 1953, be read a second time.,,

Mr. Speaker: The question is:

"That L. A. Bill No. XIV of 1953, the Hyderabad Prize Competitions Control and Tax Bill 1953, be read a second time."

The motion was adopted.

Mr. Speaker : There is an amendment to clause 7. I shall, therefore, put clauses Nos. 2, 3, 4, 5 and 6 to vote.

The question is:

"That Clauses 2, 3, 4, 5 and 6 stand part of the Bill.

The motion was adopted

Clauses 2, 3, 4, 5 and 6 were added to the Bill.

Shri B. D. Deshmukh: I beg to move:

" That in line 4 of sub-clause 1 of Clause 7 of the Bill, for the words "total sum," substitute the following words ; " net income".

Mr. Speaker : Amendment moved:

شری بی۔ ڈی۔ دیشمکھ - آج ھاؤس کے سامنے یہ قانون لایا جا رہا ھے جو حیدرآباد میں پہلی مرتبہ لاگو کیا جائیگا ۔ اس بارے میں مجھے یہ عرض کرنا ھے کہ دفعہ (۷) میں ٹیکس عائد کرنے کا ریٹ ۲۰ فیصد رکھا گیا ھے - میں سمجھتا ھوں کہ وہ ٹیکزیشن کی پالیسی کے خلاف ھے - اورعموماً ٹیکس کسی پیشہ یا کاروبار کے منافع پر عائد کیا جاتا ھے لیکن یہاں جملہ کاروبار کی رقم پر عائد کیا جا رہا ھے جو مناسب نہیں ھے - میں اس ضمن میں ھاؤس کے سامنے اس کاروبار کے وجوہ بیان کرنا چاھتا ھوں ۔ واقعہ یہ ھے کہ سال دیڑھ سال سے حیدرآباد میں ان معموں کا نیا معمہ پیدا ھوا ھے ۔ اسکی وجہ بیروزگاری کا وہ لامتناھی سلسلہ ھے جو تعلیم یافتہ اوسط طبقے میں پھیلی ھوئی ھے ۔ ظاھر ھے کہ ان لوگوں کے دماغ معطل تو نہیں رہ سکتے ۔ وہ کچھ نہ کچھ کرنا چاھتے ھیں اسلئے انہوں نے ایک نیا راستہ ڈھونڈ نکالا ۔ یہ پیشہ خواہ برا ھو یا بھلا مہذب دنیا میں ھر جگہ اسکا کاروبار چل رہا ھے ۔ اور پھر خود اسٹیٹمنٹ آف آبجکٹس اینڈ ریزنس میں بھی یہ نہیں کہا گیا کہ حکومت اسکو بالکل ھی بند کر دینا چاھتی ھے ۔ بلکہ اس پر کچھ پابند یاں عائد کرنا چاھتی ھے جس سے حکومت کا خزانہ بھی بھرے ۔ لیکن ٹیکزیشن کی پالیسی کو ملحوظ رکھتے ھوئے ٹیکس لگانا چاھئے ۔ اسکے علاوہ یہ بھی سمجھا جا رہا ھے کہ اس پیشے میں کوئی محنت نہیں کرنی پڑتی جیسا کہ خود

منیٹمنٹ آف آبجکٹس اینڈ ریزنس میں کہا گیا ہے ۔ یہ خیال صحیح نہیں ہے ۔ انہیں بھی سٹیابلشمنٹ رکھنا پڑتا ہے انکے ایجنٹس (Agents) ہوتے ہیں اڈور ٹائیز منٹ (Advertisement) کرنا پڑتا ہے ۔ دفعہ ۷ میں آپ یہ رکھے ہیں کہ

" for which a licence has been obtained under section 3, a tax of such rate not exceeding 25% of the total sum received in respect of such competitions as may be specified by the Government in the notification in the Jarida."

اس میں " ٹوٹل سم " (Total Sum) پر ٹیکس لگانا ظلم ہے ۔ اسلئے میں کہونگا کہ ٹوٹل سم کی بجائے " نٹ انکم " (Net-income) پر ٹیکس عائد کیا جائے ۔ ۲۰ فیصد ٹیکس رکھا جائے تو کوئی عذر نہیں ہوسکتا لیکن ساتھ ھی حکومت نے اپنے لئے یہ حق بھی محفوظ کرلیا ہے کہ ٹیکس کی شرح فیصد میں گورنمنٹ ۲۰ فیصد سے ۵۰ فیصد تک اضافہ کرسکتی ہے ۔ یہ چیز بھی آنریبل ممبر انچارج کے غور کی محتاج ہے ۔ موجودہ صورت میں اس قسم کا کاروبار کرنے والوں کے لئے یہ بل نا انصافی کا باعث ہوگا ۔ اسلئے میں نے اپنی ترمیم پیش کی ہے جسکو منظور کیا جانا چاہئے ۔

श्री. वि. के. कोरटकर:—मैं अिस तरमीम को कुबूल नहीं करता । जो दो खास वजूहात अिसके लिये बताअी गअी हैं अुनमें से कोअी भी वजह मुनासिब नहीं है। अेक तो यह बताया गया है कि यह टॅक्स अुसूल टॅक्सेशन के खिलाफ है। अैसा नहीं है। जितने भी टॅक्सेस होते हैं - अिनकमटॅक्स को छोडकर - वे मुनाफे पर आयद नहीं किये जाते बल्कि टोटल आमदनी पर होते हैं। हाअुस- टॅक्स जो होता है अुसमें किराया कितना मिलता है, और अुसमें कितना खर्च होता है यह नहीं देखा जाता। जितना किराया मिलता हैं अुसके अूपर परसेंटेज से टॅक्स लगाया जाता है । अिस तरहसे सेल्स टॅक्स की भी हालत है । जो कुछ टर्नओव्हर (Turn over) होता है अुसपर टॅक्स लेते हैं । आमतौरपर टॅक्सका अुसूल यह है कि आप की जो कुल आमदनी होती है अुसपर टॅक्स वसूल किया जाय । चुनांचे अुसी अुसूल को यहां भी नजरमें रखा गया है।

नेट अिनकम (Net Income) क्या है यह अगर निकाला जाय तो हमको कल जियादा तहकीकात करनी पडेगी और अुसमें टॅक्स देनेवाले और लेनेवाले दोनों को जियादा मुश्किलात में मुब्तिला होना पडेगा। जो मोअम्मा चल रहे हैं अुनके रोजगार का पूरा हिसाब देखना पडेगा, अुनके रजिस्टर देखने पडेंगे अुनका कितना खर्च रखना कितना नहीं रखना, यहभीदेखना पडेगा; अिस तरह से बहुत जियादा मुश्किलातमें जाना पडेगा . चुनांचे अिस चीजको मद्देनजर रखते हुवे यह भी देखा गया कि दूसरे राज्यों में जहां यह कानून है वहां पर भी टोटलसम (Total sum) पर टॅक्स वसूल किया जाता है और अुसीके मुमासिल हमने यहां पर टोटल सम पर टॅक्स रखा है.

अेक और चीज बताओ गओ कि गरीब लोगों पर यानी जो मोअम्मा साल्व्ह करते हैं अुनपर भी टॅक्स लग जायगा। लेकिन यह गलत फहमी है। जो गरीबी में मुब्तिला हैं अुनपर यह टॅक्स नहीं लगेगा। लेकिन जो मोअम्मा चलाते हैं वे बडेबडे अखबार है जिनका धंदा अच्छा चल रहा है और अुनका यह अेक साअीड बिझिनेस है। अिसलिये टोटल सम पर २५ फीसद जो टॅक्स लगाया गया है वह कुछ ज्यादा नहीं है। अिससे बडा भारी फर्क होनेवाला नहीं है। अगर अिस तरमीम को मान लिया जाय तो जैसा कि मैंने पहले कहा दोनों को वडी मुश्किलात में मुब्तिला होना पडेगा। अिसलिये मैं अर्ज करुंगा कि हाअूस अिस तरमीम को कुबूल न करें।

Mr. Speaker: The question is:

"That in line 4 of sub-clause (1) of Clause 7 of the Bill, for the words 'total sum' substitute, the following words namely, 'net income'."

The Motion was negatived.

Mr. Speaker: The question is:

"That Clause No. 7 stand part of the Bill."

The Motion was adopted.

Clause No. 7 was added to the Bill.

Mr. Speaker: The question is:

"That Clauses 8 to 12 stand part of the Bill.

The motion was adopted.

Clauses 8 to 12 were added to the Bill.

Clause 13

Shri K. Anantha Rama Rao (Devarkonda) : I beg to move :

"That in lines 4, 5 and 6 of Clause 13 of the Bill, the following words be omitted, namely,

'or a District Superintendent of Police or by an Assistant or Deputy Superintendent of Police specially empowered by the Government in this behalf, "

Mr. Speaker. Amendment moved:

شری کے - انت رام راؤ- اس قانون میں ترمیم لانے کی وجہ یہ ہے کہ سب انسپکٹر کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ مددگار مہتمم پولیس یا مہتمم پولیس یا نائب مہتمم پولس کی اجازت حاصل کرکے ایسے مقامات میں داخل ہوسکتے ہیں جو انعامی معموں سے متعلق ہیں - پولیس کے عہدہ داروں کو جو اختیارات دئے گئے ہیں وہ مناسب نہیں ہیں - عوام کو عدالتوں پر اعتماد ہے پولیس کا سب انسپکٹر جب اجازت چاہتا ہے تو وہ لوگ جو انتظامی نوعیت کے کاروبار انجام دیتے ہیں انتظامی نقطہ نظر سے انکو جانچتے ہیں اسلئے اس طریقہ عمل سے عوام کو زیادہ نقصان کا احتمال ہے - جن حالات میں مہتمم خود کسی مقام کی تلاشی لینا چاہے تو وہ خود تحقیقات نہیں کرسکتا اور اگر وہ کسی مقدمہ میں خانہ تلاشی کے لئے جائے تو وہاپنی اجازت سے جانا اصولا انصاف کے منافی ہوگا - اسلئے مددگار مہتمم اور نائب مہتمم و منتظم کے جو الفاظ ہیں انکو حذف کردیا جاکر عدالت کے اختیارات کو باقی رکھا جائے تو مناسب ہوگا - اسلئے میں کہونگا کہ میری ترمیم منظور فرمائی جائے -

श्री. वि. के. कोरटकर :—माननीय अध्यक्ष महोदय, वारंट की अिजाजत देने के जो अेख्तियारात दिये गये हैं अुनके बारे में यह देखा गया है कि जहां जहां यह कानून आज मौजूद है वहां अिसी तरह के अेख्तियारात दिये गये हैं और यह अेक आम अुसूल है। दूसरे प्रांतों में भी अिसी तरह के अेख्तियारात दिये गये हैं वैसा ही यहां पर किया गया है। अैसी सूरत मे मैं समझता हूं कि अिस कानूनके लिये कोअी खास अेतराज करने की जरूरत नहीं है, अिसको अैसा ही रहने दिया जाय।

Mr. Speaker: The question is:

"That in lines 4, 5 and 6 of Clause 13 of the Bill, the following words be omitted, namely:

> 'or a District Superintendent of Police or by an Assistant or Deputy Superintendent of Police specially empowered by the Government in this behalf'."

The motion was negatived.

شری کے - انت رام راؤ- چونکہ میرا امنڈمنٹ منظور نہیں ہوا ہے اسلئے دوسرے امنڈمنٹ کی ضرورت باقی نہیں رہتی اسلئے موو کرنا نہیں چاہتا -

Mr. Speaker: The hon. member does not want to move the next amendment standing in his name.

The question is :

"That Clause 13 stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Clause 13 was added to the Bill.

Mr. Speaker: The question is:

"That Clauses 14 to 21 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clauses 14, to 21 were added to the Bill.

Clause 22.

Shri Abdur Rahman: Sir, I beg to move:

"That in sub-clause (1) of Clause 22 of the Bill for the words 'such offic·r as the Government may appoint in this behalf" the following words be substituted, namely :

" The Sessions Judge of the concerned District'. "

Mr. Speaker: Amendment moved:

شری عبدالرحمن - اس قانون کو نافذ کرکے گورنمنٹ نے ایک اچھا اقدام کیا ہے
لیکن اسکے ساتھ ساتھ حکومت نے اس میں آمدنی کے ذرائع بھی ڈھونڈے ہیں۔ یہ بھی
ایک حدتک ٹھیک ہے - یہ قانون اون لوگوں کےلئے باعث طمانیت ہے جو اس سے تعلق
رکھتے ہیں ۔ بعض لوگ ایسے مشاغل اختیار کئے ہوے ہیں جس سے بہت آمدنی ہوسکتی
ہے ۔ ایسے مشاغل میں پبلک بھی شریک ہونے لگی ہے - اس سے جو رقم وصول ہوتی
ہے اسکے تحفظ کے لئے یہ قانون لایا جا رہا ہے اسلئے یہ مناسب اقدام ہے لیکن اس کے

تعلق سے جو طرز کارروائی ہم مقرر کرنا چاہتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ وہ انصاف رسانی کے بنیادی حقوق کے خلاف ہوگا ۔ مثلاً کسی ایسے عہدہ دار کے تفویض یہ کام کیا جائے جو انتظامی نوعیت کے کاروبار انجام دیتا ہے تو جو قانونی رجحان رکھنے کا مقصد ہے اسکے مغائر ہو جائیگا ۔ اگر ایک انتظامی عہدہ دار کو آپ مقرر کریں اور وہ کسی ملازم کو سزا دیدے اور وہ اپیل کرنا چاہے تو اپیل کی سماعت کے لئے اگر کسی خاص افسر کو مقرر کیا جائے تو اوس سے مالیہ پر نہ صرف غیر ضروری بار عائد ہوگا بلکہ انصاف حاصل کرنے میں بھی دقت ہوگی ۔ ہر ضلع میں جو عدالتیں ہیں ان میں تجربہ کار اور قانونی معلومات رکھنے والے افسر ہیں جن پر عوام کو اعتماد ہے کہ وہ دیانت داری کے ساتھ کام کرتے ہیں اسلئے وہ کافی حدتک مطمئن ہیں ۔ جب ایسی صورت موجود ہے تو اس تعلق سے جو کیسس ہونگے انکے لئے علحدہ کسی افسر کا تعین کرنا مناسب نہوگا ۔ بلکہ اضلاع میں جو سشن ججس ہیں انکے تفویض یہ کام کیا جاسکتا ہے ۔ اگر مال کے عہدہ داروں کے تفویض یہ کام کیا جائے تو انکے متعلق قانون کی خلاف ورزیوں کے مرتکب ہونے کا اندیشہ ہے کیونکہ مال کے عہدہ داروں کے متعلق ہمارا یہ ذاتی تجربہ ہے کہ قانون کے تعلق سے انہیں کم پراکٹس ہوتی ہے اور قانون کے اصول سے وہ کم دلچسپی لیتے ہیں ۔ اسلئے ایسی کارروائیوں کو جن میں بالخصوص سزا کا تعلق ہوتا ہے انکے تفویض کرنا نا مناسب ہوگا ۔ اسلئے میں کہونگا کہ یہ کام عدالتی عہدہ داروں کے تفویض کرنا چاہئے اور سشن ججوں کو اپیل کی سماعت کا اختیار دینا چاہئے ۔ چونکہ بل پیش کرنے والے منسٹر صاحب خود وکیل رہ چکے ہیں اور انہیں عدالتی معاملات کا تجربہ ہے اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ وہ مجھ سے متفق ہونگے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ آپ کے دو امنڈمنٹس ہیں ۔ آپ دوسری امنڈمنٹ بھی موو کردیجئے ۔

شری عبدالرحمن ۔ میری دوسری ترمیم دفعہ (۲۲) کے ضمن ۲ و ۳ کے تعلق سے ہے ۔

I beg to move:

"For sub-clauses (2) and (3) of clause 22 of the Bill substitute the following sub-clause namely, '(2) Every order passed under this section shall be subject to the powers of revision of the High Court."

Mr. Speaker: Amendment moved;

میں نے متعلقہ منسٹر صاحب سے اس سلسلہ میں گفتگو کی ہے انہوں نے مجھے یقین دلایا کہ تعزیرات کی حد تک عام عدالتوں میں مقدمات چلائے جائینگے لیکن دوسری چیزوں کی حد تک مثلاً ۲۰ فیصدی تک محصول عائد کرنا حسابات وغیرہ دیکھنا اور اس کی تحقیقات کمشنر کریگا - میری ترمیم کے لحاظ سے میں نے یہ رکھاہے کہ بجائے اسکے کہ حکومت ان اختیارات کو اپنے ہاتھ میں لےان اختیارات کو قانونی طور پر ہائی کورٹ استعمال کرے اور ہائیکورٹ میں نگرانی ہو اگرچیکہ دستور کے لحاظ سے ہمارا ہائیکورٹ بالکلیہ مقتدر ہے لیکن اس میں خصوصیت کے ساتھ اس قانون کے ذریعہ اون اختیارات کو محدود کیا گیا ہے اور متعلقہ منسٹروں اور معتمد کو اس میں اختیار سماعت دیا جارہا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ بعض دفعہ نہ صرف یہ کہ غلط فہمی پیدا ہوتی ہے بلکہ انصاف میں بھی خلل واقع ہوتا ہے - ان ہی شکوک و شبہات کی بناء پر عام طور سے واضعان قانون ہر قانون کی نگرانی کا اختیار ہائی کورٹ کو دیتے ہیں اس لئے میں نے بھی اپنی ترمیم کے ذریعہ اسکی نگرانی کا اختیار ہائیکورٹ کو دینا چاہا - میں امید کرتا ہوں کہ میری یہ ترمیم قابل قبول ہوگی -

شری گوپال راؤ اکبوٹے - کلاز (۲۲) کے لئےجو دو امنڈمنٹس آنریبل ممبر نے ہاؤز کے سامنے پیش کئے ہیں میں اس پر امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ پیش کرنا چاہتا ہوں چونکہ آنریبل ممبر کی یہ امنڈمنٹ ہم کو یہاں ہاؤز میں ہی دیگئی ہے اس لئے اس کے پہلے مجھے امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ موو (Move) کرنے کا موقع نہیں ملا - قواعد کے لحاظ سے عالی جناب مجھے اسکو موو کرنے کی اجازت دے سکتے ہیں میں جو امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ موو کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے

کلاز (۲۲) کا سب کلاز (۱) توجوں کا توں رہیگا - سب کلاز (۲) کے آخری الفاظ آر ریویژن (Or revision) ڈیلیٹ (delete) کرنے کیلئے امنڈمنٹ دیا ہوں - کلاز (۳) میں اس اصول کو مانتے ہوئے کہ ہائیکورٹ میں ریویژن ہونا چاہئے لیکن جو امنڈمنٹ آیا ہے اوسکو قانونی دائرے میں لینے کیلئے میں امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ لایا ہوں - سب کلاز (۳) میں گورنمنٹ (Government) کے الفاظ ڈیلیٹ (delete) کئے جائیں اور اوسکے بجائے ہائیکورٹ (High Court) کے الفاظ رکھے جائیں - اسکے بعد الفاظ ایٹ اینی ٹائم (at any time) ڈیلیٹ ہوجائینگے - اوسکے بعد دوسری لائن میں اینی آرڈر (any order) کی بجائے دی فائنل آرڈر (The final order) رہینگے - اور اسکے بعد " آر دی پروسیڈنگس ریکارڈیڈ بائی اینی آفیسر آر پرسن " (or the proceedings recorded by any Officer or person) ڈیلیٹ (delete) ہوجائینگے اور اسکے بجائے " دی اپیلیٹ اتھارٹی " (the appellate authority) کے الفاظ سبسٹی ٹیوٹ (Substitute) ہونگے - اسکے بعد

پانچویں سطر میں '' آرڈر '' (Order) کے بعد پاسڈ بائی (pased by) کے الفاظ آئے ہیں وہ ڈیلیٹ کرنے کیلئے میری ترمیم ہے - چھٹی لائن میں الفاظ '' آف سچ آفیسر آر پرسن '' (of such Officer or person) کے الفاظ بھی ڈیلیٹ کرنے کی خواہش میں نے کی ہے۔ اس طرح کچھ الفاظ ڈیلیٹ کرنے اور کچھ الفاظ سبسٹیٹیوٹ کرنے کے بعد سب کلاز (۳) اس طرح رهیگا ۔

"The High Court may call for and examine the record of the final order of the appellate authority for the purpose of satisfying itself as to the legality or propriety of such order or as to the regularity of such proceedings and may pass such order in reference there to as it thinks fit."

میں سمجھتا ہوں کہ اس سے امنڈمنٹ کے موورکا منشاء بھی پورا ہوجائیگا۔اس ترمیم پر ترمیم پیش کرتےوقت میں یہ چیزا یوان کے سامنے رکھنامناسب سمجھتاهوں کہ جوپاورس هیں وہ دو قسم کے ہیں۔ ایک ٹیکس لیوی کرنے کے اوردوسرے پیونٹیونیچر (Punitive nature) یعنی سزائیں عائد کرنے والے۔ان دونوں کےتعلق سےاس کلاز (۲۲) میں دوچیزیں بتلائی گئی ہیں ۔جہاں تک جنرل اپیلیٹ اتھارٹی (General Appellate Authority) کا تعلق ہے گورنمنٹ سرکاری عہدہ دارکو نامزد کریگی - جسکے پاس یہ اپیل داخل ہوگی - اس حد تک مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ کیونکہ اس میں کافی ٹیکنیکل اڈمنسٹریٹیوکام تھا نہ صرف اوریجنل سائیڈ پر بلکہ فرسٹ اپیلیٹ اتھارٹی (First Appellate Authority) کی حد تک بھی مجھے عذر نہیں ہے - لیکن جو اڈمنسٹریٹیو (Administrative) یا کواسی اڈ منسٹر یٹیوتھیوری (Quasi Administrative Theory) ہے جہاں اکزیکیٹیو کواڈمنسٹریٹیو کے پاورس دے جاتے ہیں اس کے لئے سنہ ۳۲ع سے کم ازکم انگلستان میں یہ طریقہ رائج ہے کہ دی کمیٹی آن منسٹرس پاورس (The Committee on Ministers Powers) بٹھائی گئی تھی۔اس سب کمیٹی کی رپورٹ میں یہ تھا کہ جہاں اکزیکیٹیو کو جنرل اڈمنسٹریٹیو پاورس دئے جاتے ہیں وهاں اس کو چک کرنے کے لئے هائسٹ ٹریبیونل آف دی لینڈ (Highest Tribunal of the land) کو اسکے پاورس دئے جانے چاهئیں ۔ جہاں تک لیگالیٹی (Legality) اور پروپرائٹی (Propriety) کو جانچ کرنے کا طریقہ ہےسنہ ۳۲ع سے یہ طریقہ انگلستان میں رائج ہے بلکہ فرانس اور امریکہ میں بھی رائج ہے - جہاں کہیں اڈمنسٹریٹیو سائیڈ کو پاورس دئے جاتے ہیں وہ جوڈیشیل یا کواسی جوڈیشیل (Quasi judicial) نوعیت کے هوتے هیں۔اسکو چک کرنے کے لئے هائیسٹ جوڈیشل ٹریبونل آف دی لینڈ (Highest judicial Tribunal of the land) هوتا ہے۔ جسکو ریویژن (Revision) کے پاورس دئے جاتےهیں . . .

مسٹر اسپیکر:۔ آپ نے بحث شروع کردی ہے - رواس کے تحت پہلے امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ موو هونا چاهئے ۔

Under the Rules the permission of the Speaker has to be sought before moving an amendment to an amendment.

Shri Gopal Rao Ekbote : I am speaking with the permission of the Speaker on my amendment to amendment.

Mr. Speaker : Anyway, I now permit the hon. Member to speak on the amendment.

Shri V. D. Deshpande : I think there is no need of obtaining permission of the Speaker because it is an amendment to amendment. It can be moved at any time.

Shri Gopal Rao Ekbote : But with the permission of the Speaker.

Mr. Speaker : Permission of the Speaker has to be sought but no notice is necessary.

Shri Ekbote may read clause 22 of the Bill and then explain which words he wants to delete and which words he wants to substitute.

Shri Gopal Rao Ekbote : I have already explained my amendment. In Clause 22 there are three sub-clauses. Sub-clause (1) reads :

"Any Person aggrieved by any order passed under this Act by the Commissioner or any officer authorised under section 17 may appeal against such order to such officer as the Government may appoint in this behalf."

I do not wish to alter this sub-clause in any manner, as I have already submitted.

Regarding sub-clause (2) the amendment moved by me seeks to delete the words 'or revision' occurring in the last line of the sub-section. As amended the sub-section will read :

"Every order passed in appeal under this section shall subject to the powers of revision conferred by sub-section (3) be final and shall not be liable to be called in question in any Court of Law whether in a suit or other proceeding or by way of appeal."

I have suggested a few amendments in sub-clause (3). I have already detailed the amendments which I have proposed to be moved and the sub-clause as sought to be amended will read as follows:

"The High Court may call for and examine the record of the final order of the appellate authority for the purpose of satisfying itself as to the legality or propriety of such order or as to the regularity of such proceedings and may pass such order in reference thereto as it thinks fit."

As I have explained just now, the purpose of bringing forward this amendment was that in all the administrative matters it has been the principle—at least in the Western countries—that the legality or the propriety of any administrative order or any order given by the executive side should be tested by the highest judicial tribunal of the land. My intention was that this principle should be brought in vogue even here, and only from that point of view I have suggested this amendment. I, therefore, hope that the hon. Mover of the amendment will have no objection in accepting the amendments which I have proposed to his amendment.

شری وی ۔ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ جو امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ ہمارے سامنے آیا ھے میں سمجھتا ھوں کہ وہ امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ نہیں ھے بلکہ اوریجنل امنڈمنٹ ھے کیونکہ امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ کے معنے یہ ھوتے ھیں کہ جو امنڈمنٹ دیا گیا ھے اس میں کمی کیجائے یا بڑھایا جائے لیکن یہاں سب سکشن کو امنڈ کیا جارھا ھے ۔ یہ نہیں ھے کہ میں اسکی مخالفت کررھا ھوں ۔ دراصل میں اسکو سپورٹ کررھا ھوں لیکن ٹیکنیکلی اس چیز کو سامنے رکھنے کی خواھش کرتا ھوں ۔

شری عبد الرحمن ۔ میں اپنے دوست کی ترمیم کرقبول کرتا ھوں ۔

مسٹر اسپیکر ۔ اور آپکی ترمیم ۔

شری عبدالرحمن ۔ سب سکشن ۱ کے تعلق سے جو ترمیم میں نے پیش کی تھی اس کو واپس لیتا ھوں ۔

श्री. वि. के. कोरटकर :— मै अिस तरमीमको कबूल करता हूं। ऑनरेबल मेंबर ने जो अपनी तरमीम वापस लि है अुसकी तो आप अिजाजत देंगे। मै श्री. गोपालराव अेकबोटे की तरमीम कबूल करता हूं।

مسٹر اسپیکر ۔ ترمیم واپس لینے کیلئے ھاؤز کی اجازت لینی پڑیگی ۔ کیا آپ اپنی ترمیم واپس لے رہے ھیں ؟

Shri Abdul Rahman : Yes Sir.

" The amendment was, by leave of the House, withdrawn.

مسٹر اسپیکر - کیا آنریبل ممبر اپنی دوسری ترمیم بھی واپس لے رہے ہیں ؟

شری عبد الرحمن - ترمیم میں جو ترمیم کیگئی ہے میں اسکو قبول کرتا ہوں ۔

مسٹر اسپیکر - اس ترمیم کو چونکہ منسٹر صاحب نے بھی قبول کرلیا ہے اسلئے اسکو ووٹ پر رکھنے کی ضرورت نہیں ۔

Mr. Speaker : The question is:

"That clause 22, as amended, stand part of the Bill."

The Motion was adopted.

Clause 22, as amended, was added to the Bill.

Mr. Speaker: There are no amendments to clauses 23 and 24.

The quetion is :

"That clauses 23 and 24 stand part of the Bill."

The Motion was adopted.

Clauses 23 and 24 were added to the Bill.

Mr. Speaker : The question is :

" That Short title, extent, commencement and preamble stand part of the Bill."

The Motion was adopted.

Short title, extent, commencement and Preamble were added to the Bill.

Shri V. K. Koratkar : Sir, I beg to move :

" That L. A. Bill No. XIV of 1953, a Bill to control and tax prize competitions in the State of Hyderabad be read a third time and passed."

Mr. Speaker: The question is:

" That L. A. Bill No. XIV of 1953, a Bill to control and tax prize competitions in the State of Hyderabad be read a third time and passed."

The Motion was adopted.

Business of the House

Mr. Speaker : Let us now proceed to the next item on the agenda.

Shri V. D. Deshpande rose.

Mr. Speaker : Bofore the hon. Member proceeds with his speech, I would like to inform the House that amendments to L. A. Bill No. XVIII of 1953, the Hyderabad Municipal and Town Committees (Amendment) Bill, 1953 filed should be submitted to the office by 12 noon on Monday, the 14th September 1952. Similarly, amendments to L. A. Bill No. XXXIX of 1952, The Hyderabad District Board Bill, 1952 should also be filed in the office by 12 noon on Monday, the 14th September, 1953.

L. A. Bill XXXIX of 1952, the Hyderabad District Boards Bill 1952.

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ مسٹر اسپیکر سر۔ ڈسٹرکٹ لوکل بورڈس بل پر میرے جو خیالات ہیں میں هاؤز کے سامنے رکھنا چاهتا هوں۔ اس بل کا کلاز ۲ اس طرح ہے۔

6 (1) A District Board shall consist of the following members :-

(a) a President elected by all the members of the Board referred to in clause (*b*) from among the elected members thereof ;

(*b*) elected and nominated members subject to the following limits, namely :–

	Maximum No. of members.	Minimum No. of Members.
(*i*) Elected	48	24
(*ii*) Nominated	6	4

اس لحاظ سے الکٹڈ ممبرس ، میکزیمم ۴۸ اور منیمم ۴۲ ۔ نامینیٹڈ ، میکزیمم ۶ اور منیمم ۴ رھینگے ۔ نامزد شدہ ارکان کی جو فہرست بتلائی گئی ھے وہ اسطرح ھے ۔

(*a*) Deputy Collector or Tahsildar,
(*b*) Executive Engineer, P. W. D.,
(*c*) District Health Officer,
(*d*) District Superintendent of Police,
(*e*) District Inspector of Schools.

اس بل میں نامینیشن کا جو اصول رکھا گیا ھے اسکی میں سختی سے مخالفت کرتا ھوں ۔ گو کہ اسمیں ایک اصول ضرور ھے لیکن نامزد شدہ لوگ جو ڈسٹرکٹ بورڈ میں ھونگے وہ تمام آفیشل سکشن میں سے رکھے گئے ھیں ۔ میرے خیال میں یہ رکھنا بھی ضروری نہیں ھے ۔ اس بل سے متعلق یہ کہا گیا ھے کہ اسکو بمبئی ایکٹ کے لحاظ سے بنایا گیا ھے ۔ اس سلسلہ میں بمبئی کے قانون کا جو متعلقہ سکشن ھے وہ میں ھاؤز کے سامنے رکھتا ھوں ۔

شری انا راؤ گن مکھی ۔ تمام پروویژنس لئے گئے ھیں یا نہیں ۔ یہ کہئے ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دشپانڈے ۔ اچھی اچھی چیزیں ھم کم لیتے ھیں ۔ میں یہ کہہ رھا ھوں کہ بمبئی کا سکشن پانچ یہ ھے ۔

Section 5 (1): Every District Local Board shall subject to the provisions of sub-section (5) consist of elective members.

Sub-section (5): Any vacancy due to failure to elect at any election or by-election the full number of elected members may be filled by appointment by the (State) Government.

اس سے صاف ظاھر ھے کہ بمبئی میں ڈسٹرکٹ بورڈ پرمننٹ الکٹڈ ممبرس ھوتے ھیں ۔ آنریبل منسٹر صاحب نے یہ کہا ھے کہ ھر چیز بمبئی کے قانون کو ملحوظ رکھتے ھوئے بنائی گئی ھے ۔ لیکن ایسا نہیں بلکہ ھر چیز جو جمہوریت کو آگے لیجاتی ھے اسکو اپنایا نہیں جاتا ۔ وہ چیز جو عوام کے خلاف جاتی ھے اسکے لئے کہا جاتا ھے کہ ھم نے اسے فلاں جگہ سے لیا ھے جب منسٹر کی سیلریز کا بل آیا تھا تو میں نے مدراس اور بمبئی کی مثال کوٹ کی ۔ اسوقت یہ کہا گیا کہ یہاں کی روایات جدا ھیں اور وھاں کی جدا ۔ لیکن اب کہا جارھا ھے کہ ھم نے بمبئی کی مثال لی ھے ۔ اس ضمن میں مدراس کا جو قانون ھے اسے بھی میں ھاؤز کے سامنے رکھنا چاھتا ھوں ۔

Section (8): All the members of every Local Board shall be elected in the manner laid down in this Act.

These sections were substituted for the original sections 8 and 9 by section 7 of the Madras Local Boards Amendment Act 1930 (Madras Act XI of 1930).

یہاں بھی الکٹڈ ممبرس رکھے گئے ھیں ۔ یہ قانون مدراس میں سنہ ۱۹۳۰ ع میں پاس

ہوا جبکہ ہندوستان میں برطانوی حکومت تھی لیکن آج ہماری حکومت ڈیموکریسی کا دعوی کرتے ہوے بھی سنہ ۱۹۵۳ع میں بھی ایسا نہیں کررہی ہے - اراکین کانگریس دوسری پارٹیوں پر تو یہ الزامات لگاتے ہیں کہ وہ ڈکٹیٹوریل ہیں ٹوٹا لیٹیرین اسٹیٹ قائم کرنا چاہتے ہیں - جب حکومت آپکے ہاتھ میں ہے تو ہم نے اس چیز کو آپکے سامنے رکھا ہے - اس سے قبل بھی منسٹر صاحب متعلقہ اور چیف منسٹر صاحب کے سامنے یہ چیز رکھی گئی لیکن میونسپل الکشنس میں ہم نے دیکھا کہ $\frac{1}{3}$ ممبرس نامینیٹڈ رکھے گئے ہیں اور اب بھی وہی پرنسپل اختیار کیا جارہا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ جمہوریت کے نام پر یہ ایک داغ ہے - ایک دھبہ ہے - کہنے کو تو یہ کہا جاسکتا ہے کہ جو آفیسرس یہاں رکھے گئے ہیں انکے تجربہ اور معلومات کی ضرورت ہے - یہ ویلوڈی حکومت کے روایات ہیں - جس منسٹری میں چار آفیشل اور چار نان آفیشل ممبرس ہوں وہ ایسا کرسکتے ہیں - لیکن جب آپ نامینیٹڈ ممبرس رکھنا ہی چاہتے ہیں تو میں ہاؤز کی توجہ سکشن ۳۸ کی جانب دلانا چاہتا ہوں - سکشن ۳۸ یہ ہے -

The Executive Engineer, the Educational Inspector and the Civil Surgeon of the district, Superintendent of Agriculture or an Assistant Registrar of Co-operative Societies charged with any duties of these officers in the district who are not members of the Board, shall have the right of being present at any meeting of the Board, or of any Committee thereof, and may take part at such meetings in the discussion or consideration of any question on which by virtue of the duties of his office he considers his opinion or the information which he can supply, will be useful to such Board or Committee:

Provided that the said persons shall not, unless they are members of the Board, be entitled to vote upon any such question.

(2) Any other officer of the Government whom the Government may authorise, may in the like circumstances and subject to the above proviso, take part in the discussion or consideration of any such question as aforesaid at any meeting of the Board.

(3) If it shall appear to the Board that the presence of any officer is desirable in the circumstances aforesaid at any meeting of the Board or any Committee thereof, it shall be competent of such Board by letter addressed to such officer not less than 15 days previous to the intended meeting to require his presence there at; and the said officer, unless prevented by sickness or other reasonable cause, shall attend such meeting provided that his superior officer has no objection to his doing so.

اس سکشن کے لحاظ سے ممبرس خود یہ محسوس کرسکینگے کہ انکے میٹنگس میں رھنے کی وجہ سے مدد ملیگی - وہ وھاں ڈسکشن کرینگے - مشورہ دینگے لیکن انہیں رائے دینے کا حق نہیں رھیگا - اسکے بعد سکشن ۳ یہ ھے کہ خود حکومت دیکھیگی کہ آیا کسی آفیسر کی ضرورت ھے ؟ اسطرح سکشن (۴۸) میں پورا پراویژن ھے - آفیسر خود جاسکتا ھے - یہ سکشن بمبئی سے کاپی کیا گیا ھے - لیکن یہ ھوتے ھوئے بھی حکومت نے اس کو کافی نہیں سمجھا - کانگریس کی حکومت جو دیہاتوں میں ٹوٹ رھی ھے اب وہ نامزدگی کا سہارا لینا چاھتی ھے - جیسا کہ رضاکار حکومت کے زمانے میں ھوا کرتا تھا - یعنی حکومت عوام کی نمائندگی کرکے برسراقتدار رھنا نہیں چاھتی بلکہ چند افسروں کے کہنے پر چلکر انکے ھاتھوں میں رھنا چاھتی ھے - ھوسکتا ھے کہ جسطرح ممکن ھے چند منسٹرس سکریٹریز کی رائے پر چلتے ھوں اسی طرح ڈسٹرکٹ لوکل بورڈز بھی اسی طرح چلانا چاھتے ھیں - اگر اسطرح جمہوریت کا گلا گھونٹنے کی کوشش کی گئی تو عوام اسکو ماننے والے نہیں ھیں - اسکے لئے عوام کو بڑے پیمانے پر جد و جہد کرنی پڑیگی - اس وجہ سے ڈسٹرکٹ لوکل بورڈز میں جو نامنیشن کا اصول رکھا گیا ھے میں اسکی مخالفت کرتا ھوں - اور میں تمام ممبرس سے اپیل کرتا ھوں کہ جب آپ اپنے نیشنل ٹریڈیشنس کا حوالہ دیتے ھیں - بڑے بڑے نیشنل لیڈرس کا نام لیتے ھیں انکی تقریریں اور انکے لکھے ھوئے آرٹیکلس نکالکر دیکھئے، کانگریس کی ھسٹری نکالکر دیکھئے - سب نے ھمیشہ نامزدگی کی مخالفت کی ھے - خود حیدرآباد میں ریفارمس کے وقت آپ نے اسکی مخالفت کی - لیکن موجودہ حکومت " تنکے کا سہارا " نامزدگی کے ذریعہ لینا چاھتی ھے . اور اس سہارے کی خاطر اپنے اصولوں کو چھوڑ رھی ھے - کیا یہی جمہوریت ھے - میں کہونگا کہ اس پراویژن کی کوئی ضرورت نہیں ھے - صرف سکشن (۴۸) اس ضرورت کو پورا کرسکتا ھے - نامزدگی کا جو اصول رکھا گیا ھے - اسکو ڈیلیٹ کردینا چاھئیے - میں یہ پہلی چیز ھاؤس کے سامنے رکھنا چاھتا تھا -

دوسری چیز مجھے یہ کہنا ھے کہ ھم نے الکشن کو تماشا بنا رکھا ھے - جنگاؤں میں پیپلز ڈیمو کریٹک فرنٹ کی جانب سے (۱۳) لوگوں کے نامنیشن پیپرس داخل کئے گئے - اس میں ایسا تھا کہ

I appoint myself as Election Agent.

پورے تلنگانہ میں اسی فارم پر الکشن لڑے گئے - اگر یہ فارمس رجکٹ ھوجاتے تو ھم سب یہاں نہیں آسکتے تھے - لیکن کہا گیا کہ

I appoint myself V. D. Deshpande as Election Agent.

ایسا ھونا چاھئیے - اور اگر ایسا نہو تو فارم ریجکٹ کیا جائیگا......

Shri Goka Rama Lingam (Bhongir): There are some more defects.

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - ھوسکتا ھے کہ اور بھی ڈفکٹس ھوں - میں صرف پی - ڈی - یف کی حد تک کہہ رھا ھوں - ممکن ھے کانگریس کے بھی رد ھوئے ھوں - میرا

کہنا یہ ہے کہ ایسی ٹکنیکل وجوہات نکالکر عوام کے نمائندوں کو نہیں روکا جانا چاہئیے ۔ عوام کو اسکا فیصلہ کرنے کا موقع دینا چاہئیے ۔ S کی بجائے Y ہے اسلئے روکا جارھا ہے ایسا اعتراض نہیں ہونا چاہئیے ۔ ہم ایک الکشن کے تجربہ سے گذرچکے ہیں ۔ میرا یہ سجیشن ہے کہ آپ عوام کیلئے دولاز (Laws) نہ بنائیے ۔ ہاؤزآف دی پیپل اور اسمبلی کیلئے تو ایک طریقہ اور ٹاؤن کمیٹیز اور میونسپالٹیز کیلئے دوسرا طریقہ نہوناچاہئیے ۔ جس تجربہ سے حیدرآباد کے عوام گذر رہے ہیں اسکی بناء پر اسکو برداشت نہیں کیا جاسکتا ۔ کئی کنفیوزنس پیدا کئے جاتے ہیں ۔ یہ کہ کوئی آدمی ۲۱ سال کا ہوتو پروپوزر یاسکنڈرنہیں بن سکتا ۔ ۲۵ سال عمرہونا چاہئیے ۔ ڈیموکریسی کیلئے ایسی چھوٹی چھوٹی باتوں سے رکاوٹیں پیدا نہ کیجانی چاہئیں ۔ کانسٹی ٹیونٹ اسمبلی کی جو ہوا آنے والی تھی وہ نہیں آئی ۔ آپ ٹاؤن کمیٹیز اور میونسپالٹیز کیلئے پیپلز ریپرزنٹیشن ایکٹ کو سامنے رکھ سکتے ہیں ۔ اور اس سلسلے میں اگر کوئی دقت ہو تو اسکو دور کیا جاسکتا ہے ۔ ڈسٹرکٹ لوکل بورڈ کیلئے جب الکشن مشنری پرووائیڈ کی گئی ہے تو وہ پورے ملک کیلئے ہونا چاہئیے ۔ جب الکشن کے رولس ہیں جو ہاؤزآف دی پیپل اور اسمبلی کیلئے رہے ہیں ویسے ہی اس میں بھی ہونا چاہئیے ۔

میرا ایک اور سجیشن ہے ۔ وہ یہ کہ ریٹرننگ آفیسر (۸) دن پہلے کوئی دن مقرر کرے جس دن کینڈیڈیٹ آکر اپنے فارم انہیں بتلادے اور وہ اگر ضرورت ہو تو اصلاح کر کے یہ تصدیق کردیں کہ ۔

Certified now that this is a correct form.

اسطرح (۸) دن پہلے ہر امیدوار کا فارم سرٹیفائی ہو کر مکمل ہوجانا چاہئیے ۔ میں پوچھتا ہوں ایسا کرنے میں ہرج ہی کیا ہے ۔ آپ کینڈیڈیٹس کو معمولی ٹکنیکل اعتراضات کی بناء پر کیوں روکتے ہیں ؟

ایک اور بات یہ کہ اگر کوئی فارم ریجکٹ ہوجائے تو ۱۰ دن کے اندر اپیل کرسکے ۔ ہم ایک غریب ملک کے رہنے والے ہیں ۔ کل ہی ہمارے دو اور ساتھی یہاں آئے ۔ میرا اشارہ گدوال عالمپور کی طرف ہے ۔ جہاں دوبارہ الکشن لڑنا پڑا ۔ اور ہزاروں روپیہ خرچ ہوا ۔ بہرحال میں کہونگا کہ لیگل ڈفیکلٹیز کو آڑ بنا کر کینڈیڈیٹس کو قبول کرنے سے انکار نہیں کرنا چاہئیے ۔

ایک اور بات مجھے سرکلس کے بارے میں کہنی ہے ۔ آپ تین سو آدمیوں کا بھی ایک ہی سرکل رکھتے ہیں اور ایک ہزار آدمیوں کا بھی ایک ہی سرکل رکھتے ہیں اور دونوں سے ایک ایک نمائندہ ہی لیتے ہیں ۔ اسمبلی اور ہاؤس کیلئے تو یہ طے کردیا گیا کہ ۵۰۰ سے ۱۰۰۰ تک آدمیوں کیلئے ایک نمائندہ لیا جائیگا ۔ اس بل میں بھی ایسا ہونا چاہئیے لیکن ایسا کوئی پراویژن نہیں ہے ۔

ایک اور چیز مجھے ملٹی ممبر کانسٹی ٹیونسی کے بارے میں عرض کرنا ہے اسکی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ اگر شیڈولڈ کاسٹس کے نمائندوں کی حد تک ڈبل ممبر کانسٹی ٹیونسی رکھنا چاہتے ہیں ۔ تو رکھ سکتے ہیں ۔ لیکن سیاست دانوں نے یہ مان لیا ہے کہ جب تک الکشن میں پروپورشنل ریپرزنٹیشن نہو صحیح نمائندگی نہیں ہوسکتی ۔ ممکن ہے آج کی حکومت اسکو منظور نہ کرے ۔ لیکن دیکھئے کہ آج جہاں اسکو منظور نہیں کیا گیا ہے وہاں کیا ہورہا ہے ۔ ڈبل ممبر کانسٹی ٹیونسی کا جو پراویژن رکھا گیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ مناسب نہیں ہے ۔ سنگل ممبر کانسٹی ٹیونسی ہونا چاہئے ۔ اس لحاظ سے ترمیم کی جانی چاہئے ۔ میں نے الکشن مشنری کے سلسلے میں اپنے جنرل آبزرویشنس (General observations) ہاؤس کے سامنے رکھے ہیں ۔ جس وقت تفصیلات زیر بحث آئینگے میں انکی وضاحت کرونگا ۔

سکشن (۲۰) ڈسٹرکٹ بورڈ کے صدر کے سلسلے میں ہے ۔ وہ یہ ہے کہ

Sec. 20. (1) Every District Board shall be presided over by a president, elected by the Board from amongst its own elected members.

صدر کو الکٹ کرنے کا اختیار الکٹڈ اور نامنیٹڈ دونوں ممبرس کو دیا گیا ہے ۔ مجھے اسپر اعتراض ہے ۔ اور ایک عجیب بات یہ ہے کہ اگر کسی صدر کے خلاف پورے کے پورے ممبرس بھی ہوں تو وہ انکو علحدہ نہیں کرسکتے ۔ میں آپ کے سامنے بھونگیر کی مثال رکھنا چاہتا ہوں ۔ وہاں پیپلز ڈیموکریٹک فرنٹ کے ۱۲ ممبرس ہیں اور کانگریس کے ۷ پیچھے کے دروازہ سے ۵ داخل ہوکر کانگریس کے بارہ ہوگئے ہیں ۔ اسطرح پی ۔ ڈی ۔ یف کے ۱۲ ۔ اور کانگریس کے ۱۲ ممبرس ہوگئے ۔ صدر کے الکشن کیلئے ٹاس کرنا پڑا ۔ جسمیں کانگریس کا صدر آگیا ۔ اب پوزیشن یہ ہے کہ کانگریس کے ۱۱ ممبرس ہیں اور پی ۔ ڈی ۔ یف کے ۱۲ ۔ لیکن وہ صدر کو نکال بھی نہیں سکتے اسلئے کہ اس کی گنجائش نہیں ہے ۔ حکومت مقامی کے سامنے بھی یہ چیز رکھی گئی ہے ۔ ایسا کوئی پراویژن نہیں رکھا گیا ہے کہ آخر اگر ممبرس صدر سے ناراض ہوں تو انکو کسطرح ہٹایا جائے ۔ یہ ایک عجیب بات ہے ۔ حالانکہ خود اس ہاؤس میں تحریک عدم اعتماد لائی جاسکتی ہے ۔ ایسا ہی پراویژن وہاں بھی ہونا چاہئے ۔ اگر صدر مقبول نہو تو ان کو ہٹانے کی گنجائش ہونی چاہئے ۔ یہ ضروری ہے ۔ اسکے بعد سکشن (۵۱) یہ ہے

Sec. 51 (1). Government may order for the establishment of a Hyderabad Local Government Service specifying the posts to be borne of the cadre of the service which may include Secretaries, Local Government Engineers, Water Works Engineers, Executive Officers, Sanitary Inspectors and such other posts as may be deemed necessary. The appointment, dismissal, transfer and any disciplinary action against

the officers belonging to the said service shall be exclusively within the powers of the Government.

سب سکشن (۲) میں یہ کہا گیا ہے کہ

(2) Each District Board shall contribute 12½% of its revenue to meet the expenditure in connection with the offices belonging to the said service in respect of their salaries, allowances, pensions, annuity, gratuities and other necessary expenses payable under the provisions of this Act, and any rules made thereunder or any orders of Government.

اس سکشن میں کہا گیا ہے (جسکو عام طور پر ڈومینین کیڈر کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے) کہ ایک آدمی دو مالک کا نوکر نہیں رہ سکتا ۔ آج جو ڈومینین کیڈر ہے جو میونسپل سکریٹریز ہیں وہ کلکٹر کے کہنے پر چلتے ہیں ۔ کیونکہ کلکٹر سوپیریر اتھاریٹی ہے ۔ صدر صاحب (چاہے وہ پی ۔ ڈی ۔ یف کے ہوں یا کسی پارٹی کے ہوں) کی جانب سے جو بھی سوالات سامنے آتے ہیں انکو ٹھیک طور پر آگے بڑھانے کا موقع نہیں دیا جاتا بلکہ کلکٹر کے کہنے کے مطابق عمل ہوتا ہے ۔ وہاں کے معتمدین کی طرف سے ایسا عمل ہورہا ہے ۔ آج جہاں پی ۔ ڈی ۔ ایف کی میجارٹی میونسپالٹی میں ہے ممکن ہے کہ کل کسی اور پارٹی کی ہو اوسوقت آپکو سوچنا پڑیگا اس وجہ سے میں چاہتا ہوں کہ ایسا انتظام رکھا جائے کہ لوکل سلف گورنمنٹ میونسپالٹیز کے کام میں مداخلت نہ کرے ۔ حتی الامکان اسکا انتظام ہونا چاہئے ۔ ڈے ٹو ڈے (Day-to-day) اڈمنسٹریشن (Administration) میں کافی انتظامات ہونے چاہئیں ۔ میرا خیال ہے کہ آفیسر اس کمیٹی کے تحت اوس وقت رہتے ہیں جب وہ یہ محسوس کرتے ہیں کہ اس کمیٹی کی وجہ سے انکو پیسے ملتے ہیں ۔ اصولاً میرا یہ خیال ہے کہ ساڑھے بارہ فیصد انکم میں سے لیا جائے یہی طریقہ مدراس اور بمبئی میں ہے ۔ ممکن ہے کہ سابقہ آن ڈیموکریٹک زمانہ میں یہ طریقہ کارآمد ثابت ہوا ہو لیکن ساڑھے بارہ فیصد فنڈ میں جو لیا جارہا ہے آج کے حالات کے تحت نہیں لیا جانا چاہئے ۔ جو ڈبل کنٹرول کے سوالات اس بل کے اندر ہیں وہ نہیں ہونے چاہئیں ۔ حکومت انکو تنخواہ دے سکتی ہے لیکن ساڑھے بارہ فیصد کٹوتی جو ہے وہ نہ ہونی چاہئے ۔ ڈسٹرکٹ بورڈ کی مدد کرنے کی ضرورت ہے اسلئے ساڑھے بارہ فیصد کٹوتی نہیں دینا چاہئے اور ڈومینین کیڈر کا طریقہ برخاست کرنا چاہئے ۔ اسکے بعد سکشن (۵۷) میں کنٹرول کا سوال آرہا ہے یعنی کلکٹر کا کنٹرول ۔ سکشن (۴۷) میں یہ حق دیا گیا ہے کہ کلکٹر ڈاکومنٹ طلب کرسکتا ہے ۔ اس سکشن میں کہا گیا ہے کہ ۔

Collector's power of suspending execution of orders etc., of the Board.

یہاں کلکٹر کو یہ حق دیا گیا ہے کہ کنسٹرکشن کو روک سکتا ہے ۔

Section 75 (1) "If it appears to the Collector that the Executive Officer or any other officer of a District Board has made default in carrying out any resolution of the Board, the said Collector after giving such Officer a reasonable opportunity of explanation, shall send a report thereon together with the explanation, if any, of such Officer to the Government and at the same time forward a copy of the same to the District Board.

گویا وہ کسی کاروبار کو روکنے کا حق رکھتا ہے ۔

76 (1) "In such cases of emergency the Collector may direct or provide for the execution of any work, or the doing of any act, which the District Board or the Executive or other Officer of the Board is empowered to execute or to do, and the immediate execution or doing of which is, in his opinion, necessary and may direct that the expense of executing the work or doing the act with a reasonable remuneration to the person or persons appointed to execute or do it, shall be forthwith paid by the District Board."

سب سکشن ۲ یہ ہے کہ

76 (2) If the expenses and remuneration are not so paid, the Collector may direct the Officer in-charge of the treasury or bank in which the District Board Fund is kept or the whole or portion thereof is deposited or lent on interest, to pay the expenses and remuneration or as much thereof as is possible, from the balance of the amount of such fund in his hand".

یعنی اگر کلکٹر یہ محسوس کرے کہ کوئی کام کرنا ضروری ہے تو آرڈر دیگا اور راست آرڈر دیگا کہ وہ کام کردیا جائے بورڈ کو کہیگا کہ پیسہ دیا جائے ۔ یا نہیں تو فنڈ کا پیسہ جس بنک میں جمع ہو اسکو لکھیگا کہ پیسہ ادا کردیا جائے ۔ مثال کے طور پر میں کہونگا کہ عثمان‌آباد میں پنڈت نہرو تشریف لائے تھے ۔ وہاں کے افسر نے محسوس کیا کہ فلاں سڑک درست ہونی چاہئے انہوں نے اسکی ضرورت محسوس نہیں کی کہ کمیٹی کی میٹنگ کی جائے حالانکہ ایسا کیا جاسکتا تھا لیکن میٹنگ طلب کئے بغیر انہوں نے اس سڑک کے لئے رقم خرچ کردی ۔ کسی خاص شخص (جنکا میں نام لینا نہیں چاہتا) جہاں پنڈت نہرو کے جانے کا امکان تھا انکے مکان تک ۔ سڑک ٹھیک نہیں تھی اسلئے وہاں کی سڑک بھی تعمیر کی گئی ۔ اس پر کمیٹی کے ممبروں نے اعتراض کیا کہ اس طرح رقم خرچ نہیں کی جاسکتی لیکن انکے اس اعتراض پر توجہ نہیں کی گئی ۔ آپ نے جو کمیٹی بنائی ہے اسکے ممبرشپ کی بلحاظ قواعداتنی اہمیت ہے کہ اگر کوئی ممبر دو تین کمیٹیوں میں حاضر نہ ہو تو ممبرشپ چلی جائیگی ۔ گاندھی جی کا نام لیکر اپنے حسب مرضی کام کرنا مناسب نہیں ہے ۔ کلکٹر کے حکم سے رقم خرچ کردیجاتی ہے اور جب میونسپالیٹیز کہتی ہیں کہ اس رقم کے خرچ کرنے کی ضرورت

نہ تھی تو انکی رائے کو اہمیت نہیں دیجاتی بلکہ کلکٹر کی رائے کو اہمیت دیجاتی ھے ۔ ڈسٹرکٹ بورڈس کے ممبر جو عوام کے نمائندہ ھیں ۔ ایک ڈسٹرکٹ بورڈ جو (۱۴) ایم ۔ ایل ۔ ایز کے برابر ھے توکیا انکو اھمیت حاصل نہیں ھے ۔ ایک طرف تو یہ عوام کے الکٹیڈ ممبرس ھیں اور دوسری طرف آپ کے کلکٹر ھیں جنکو غیر معمولی اختیارات دئے جاتے ھیں ۔ عوامی نمائندے خواہ وہ سات لاکھ کے نمائندہ ھوں یا چودہ لاکھ کے انکے مقابلہ میں کلکٹر کو زیادہ وقعت دیجاتی ھے وہ کام کو روک سکتا ھے کام کو جاری رکھ سکتا ھے ۔ آپکو لوکل بورڈس پر بھروسہ ھے ۔ پنچایت بورڈس پر بھروسہ ھے لیکن ڈسٹرکٹ لوکل بورڈس کو اھمیت نہیں دیجاتی ۔ کلکٹر کو آپ بڑے بڑے رائیٹس دیتے ھیں ۔ کلکٹر کو اس طرح کے غیر معمولی اختیارات دینا ڈیموکریٹک اصول کے خلاف ھے۔ میں اپیل کرتے کرتے تھک گیا ھوں لیکن اون کانوں پر اس کا کوئی اثر نہیں ھوا جو حکومت کر رھے ھیں ۔ آپ جمہوریت کی بنیاد کو مضبوط بنانا چاھتے ھیں تو جمہوری اصولوں کو اپنانا پڑیگا ۔ اگر آپ دور اندیشی سے کام نہ لیں اور جمہوریت کا گلا گھونٹنے کی کوشش کریں تو میں آپکو یقین دلاتا ھوں کہ کانگریس پارٹی کا وقار گر جائیگا ۔ ڈسٹرکٹ لوکل بورڈز جو بنیادی یونٹ ھیں اور عوام کے الکٹیڈ نمائندے جہاں ھیں انکو زیادہ اختیارات ملنے چاھئیں بہ نسبت ان کلکٹروں کے جو اپنی من مانی چلاتے ھیں ۔ یہی میری آنسٹ لوگوں سے اپیل ھے کہ ان امور پر سوچیں۔ میں کسی پر ذاتی حملہ کرنا نہیں چاھتا بلکہ جو جمہوریت کو مانتے ھیں جس کے لئے کئی سال تک ھم لڑچکے ھیں جو لوگ آج بھی اسکو مانتے ھیں جو جمہوریت کے اصولوں کو مانتے ھیں انکو چاھئے کہ وہ موقتی قائدے تلاش نہ کریں بلکہ ایسے امور کی جانب توجہ دیں ۔ اوسی وقت ھم حقیقی جمہوریت قائم کرسکتے ھیں ۔

اسکے بعد فنڈس کا سوال آتا ھے ۔ سکشن (۸۳) کے تحت حکومت ھند نے جو کمیٹی قائم کی تھی ۔ لوکل فینانس انکوائیری کمیٹی ۔ اوسکی رپورٹ سنہ ۱۹۵۱ع میں باھر آئی ھے ۔ لوکل باڈیز کا جو فنڈ ھے وہ بھی قائم ھوا ۔ اس وجہ سے جو کام وھاں ھونا چاھئے تھا نہیں ھو رھا ھے ۔ اسبارے میں گورمنٹ کو سوچنا چاھئے کہ اس فنڈ کو کس طرح فراھم کیا جاسکتا ھے ۔ اس سلسلہ میں یہ چیز ضرور آئیگی کہ ٹیکس بڑھائے جائیں۔ ٹیکس بڑھائیں تو مجھے اس پر اعتراض نہیں ھے لیکن اسکے ساتھ ساتھ ھمیں قوت خرید بھی بڑھانی چاھئے ۔ اسکی بھی کوشش کرنی چاھئے کہ کسان زیادہ سے زیادہ پیدا وار پیدا کرسکیں کیونکہ یہ ایک مسلمہ بات ھے کہ کنویں میں پانی ھوتو ڈول میں آئیگا لیکن خود کنویں میں پانی نہ ھو تو کہاں سے آئیگا ۔ آج کے حالات میں ھم محسوس کرتے ھیں کہ میونسپل باڈیز کو اپنے پیر پر کھڑے کرنا ضروری ھے ۔ اور اس کے لئے ضروری ھے کہ فنڈ میں روپیہ فراھم کیا جائے ۔ کام زیادہ چاھیں تو زیادہ پیسہ بھی ھمکو دینا پڑیگا ۔ سبسی ڈی کا سوال بھی ھمارے سامنے ھے ۔ پانچ لاکھ روپیہ میونسپالیٹیز کو دئے

گئے ھیں ڈسٹرکٹ بورڈس کو کیا دیا گیا ھے معلوم نہیں ھے - بمبئی ایکٹ میں یہ ھے
کہ ریوینیو کا ۱۵ فیصد ڈسٹرکٹ بورڈ کو دینا چاھئے۔ فینانس انکوائیری کمیٹی کی رپورٹ
میں بھی یہی ھے کہ کم سے کم ۱۵ فیصد دینا چاھئیے۔ میں وہ سنا دینا چاھتا ھوں - . .

"We recommend that 15% of the net proceeds of land revenue accruing within the area of the District Board which is not already assigned to a village Panchayat should be assigned to the District Boards.

انہوں نے صاف طور پر یہ کہا ھے کہ لینڈ ریوینیو کا ۱۵ فیصد ڈسٹرکٹ بورڈس کو دینا
چاھئے - ان کی اور بھی سفارشات ھیں جنکو میں تفصیل سے پھر سناؤنگا - جہاں تک
لوکل ٹیکسس کو ایک آنے کی بجائے دو آنے کرنے کا سوال ھے میں اسکے متعلق صاف
صاف کہونگا کہ کنویں میں پانی ھوتو ڈول میں آسکتا ھے کسانوں میں آج اتنی طاقت
نہیں ھے کہ وہ ایک آنے کی بجائے دو آنے دے سکیں - خشکی زمین پر ھم نے فی روپیہ
دو آنے اور تری زمین پر فی روپیہ ایک آنہ تو اضافہ کرھی دیا ھے اسلئے اب مزید بار
برداشت نہیں کیا جاسکیگا - چنانچہ چیف منسٹر نے اس بات کو تسلیم کیا ھے کہ مدراس
کے مقابلہ میں ھمارے پاس لینڈ اسسمنٹ زیادہ ھے . . . .

یہاں ایک آنہ بڑھا یا گیا ھے لیکن مدراس کا مقابلہ کیا جائے تو معلوم ھوگا کہ
یہاں ڈیڑھ آنہ ھو جاتا ھے۔ جو آج کے حالات میں ٹھیک نہیں ھے۔ ھم کو دوسرے ذرائع
فینانس بڑھانا پڑے گا - اگر ھم لینڈ ریفارمس لائیں تو عوام کی قوت خرید بڑھیگی - اون
کا پر کیپیٹا (Per capita) بڑھے گا - اور تب ھم اون پر ٹیکس عائد کرسکتے
ھیں - لیکن آج کے حالات میں یہ مناسب نہیں معلوم ھوتا -

میں ایک اور چیز ھاؤز کے سامنے رکھتے ھوے اپنی تقریر ختم کرونگا - وہ ھے بجٹ
کے سلسلہ میں سکشن (۱۱۲) - اسکے تحت جو فینانس کی سب کمیٹی قائم کی جائیگی اس میں یہ
پروویژن رکھا گیا ھے کہ نامینیٹڈ ممبرس میں سے ایک ممبر اس سب کمیٹی میں ھونا چاھئے -
میں چونکہ نامینیشن کا مخالف ھوں اس لئے اس کمیٹی میں ایسا کوئی ممبر جسکو ووٹ
کا ادھیکار ھوگا نہیں رھنا چاھئے - البتہ اڈوائزری کیپا سیٹی (Advisory Capacity)
میں لے سکتے ھیں - پھر اسکے بعد یہ بھی کہا گیا ھے -

Sub-section (3) of Sec. 112 says :

"Provided that no estimates shall be approved unless they provide for the Board having at its credit at the end of the year a balance of not less than an amount to be prescribed in this behalf by rules under this Act,

اس کا مطلب یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ لوکل بورڈس ڈیفیسٹ فینانس نہ رکھیں - ہماری حکومت کی بنیاد خود ڈیفیسٹ فینانس پر ہے - ایسی صورت میں ڈسٹرکٹ بورڈس ڈیفیسٹ فینانس نہ رکھیں بلکہ سرپلس فینانس رکھتے ہوئے اپنے کاروبار انجام دیں کس حدتک ممکن ہوگا - ہمیں اس کو سوچنا ہوگا کہ اس طرح کے قیود عائد کرنے سے اونکے بنیادی کام پر کیا اثر پڑتا ہے - اگر متعلقہ منسٹر اس سکشن کے بارے میں اپنے خیالات واضح کریں تو ہم سمجھ سکینگے - فی الحال تو میں سمجھتا ہوں کہ ڈسٹرکٹ لوکل بورڈس کو کافی فینانس دینا چاہئے - اسکے بعد سکشن (۱۱۴) میں یہ کہا گیا ہے -

Sec. 114 reads: "No portion of the accumulated balance may be spent by the Board without the previous sanction of the Government."

اس سلسلہ میں آنریبل منسٹر فار لوکل سلف گورنمنٹ نے یہ کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ اونکا فینانس ٹھیک رہے - اس وجہ سے اون کے پاس جو پیسہ ہے وہ ہماری بغیر اجازت خرچ نہ کریں تو مناسب ہوگا - ممکن ہے کہ یہ سوال پیدا ہو کہ آج کے حالات کے نظر کرتے ہوئے اگر ہم وہاں کنٹرول نہ کریں تو ٹھیک نہ ہوگا - لیکن جیسا کہ میں نے پہلے کہا ہے بجٹ منظور کرنے کا حق حکومت نے اپنے لئے محفوظ رکھا ہے - اور اکیومولیٹیڈ بیلینسس (Accumulated balances) کو کسطرح خرچ کرنا چاہئے اس کا پروویژن بجٹ میں ہوگا - اس کا حق ڈسٹرکٹ بورڈس کو دینا چاہئے کہ اپنے اغراض کے لئے اپنے بیلنسس کسطرح استعمال کرسکتے ہیں تاکہ وہ اپنا بجٹ ٹھیک رکھ سکیں - اسلئے جو شرط عائد کی گئی ہے وہ مناسب نہیں ہے - یہ پروویژن لگایا گیا ہے کہ فرسٹ کوارٹر میں اسٹیابلشمنٹ اور ان اوائڈ ایبل اکسپنڈ یچر پر خرچ کرسکتے ہیں - اس وجہ سے کوئی دقت پیدا نہیں ہوگی - یہ کہا گیا ہے - لیکن ان حالات میں ان کے خرچ پر کیا اثر ہوتا ہے کیا نہیں ہوتا ہے ہمیں سوچنا پڑیگا - میں اس سلسلہ میں اوپن مائنڈڈ ہوں میرے چند میونسپالٹی کے دوستوں نے یہ کہا کہ جو بجٹ بھیجا جاتا ہے وہ کئی مہینوں تک منظور نہیں ہوتا - اس سلسلہ میں جب میں اس سکشن پر بحث کرونگا اپنے تفصیلی خیالات پیش کرونگا -

یہ ہیں وہ چند آبزرویشنس جو میں ڈسٹرکٹ لوکل بورڈس بل (District Local Boards Bill) پر کرنا چاہتا تھا - بہت دیر سے یہ بل ہاؤز کے سامنے آیا ہے - ہم چاہتے ہیں کہ آئندہ چھ مہینوں کے اندر یہ بل نافذ ہوجائے - اور ڈسٹرکٹ لوکل بورڈس کے الکشنس ہوسکیں - بورڈ میں اس وقت کافی پیسہ ہے لیکن اوس سے کام نہیں لے سکتے اور جو ڈیموکریٹک الیمنٹ ہر ڈسٹرکٹ میں آنا چاہئے نہیں آرہا ہے - اس لئے اس قانون کو جلدازجلد پاس ہونا چاہئے - مجھے امید ہے وہ اسی سشن میں پاس ہو جائیگا - لیکن اس کے ساتھ ساتھ میں نے جو خیالات

ھاؤز کے سامنے رکھے ھیں اوس پر ھاؤز سنجیدگی سے غور کرے تو مناسب ہے - موقی کیا نقصانات ھیں اور کیا فائدے ھیں اس پر غور نہ کرتے ھوے ڈیمو کریٹک ٹریڈیشنس کے لحاظ سے اس بل میں ضروری ترمیم کریں گے اور جلد از جلد عوام کو موقع دینگے کہ وہ ڈیمو کریٹک طریقہ سے اپنے مقامی کاروبار چلائیں - میں امید کرتا ھوں کہ میرے سجیشن پر ڈیمو کریٹک طریقہ پر سوچا جائیگا اور ڈیمو کریسی قائم کرنے میں مدد دیجائیگی -

श्री. रतनलाल कोटेचा :—सभापति महोदय,

हैंदराबाद स्टेट के लोकशाही ढांचे में पोलिस अॅक्शन के बाद हम लोगों को लॅकूना (Lacuna) महसूस हुआ। पोलिस अॅक्शन के बाद अेक फुल्ली अिलेक्टेड (Fully elected) लेजिस्लेचर (Legislature) येहां पर कायम हुआ। अिलेक्टेड ग्राम पंचायतें आअीं और टाअून कमिटीज भी कायम हुअीं। लेकिन डिस्ट्रिक्ट लोकल बोर्ड बिल आज तक न आ सका। बात यह है कि यह बिल अिसके भी पहले यहां आजाना चाहिये था। लेकिन नहीं आसका। अेक डेमाक्रे टिक हैसियत से आज देरी सेही क्यों न हो लेकिन यह बिल असेंब्ली के सामने लाया गया, अिस के लिये मैं मिनिस्टर साहब को धन्यवाद देता हूं।

पहले भी यहां अेक डिस्ट्रिक्ट बोर्ड था। लेकिन आज जो बिल लाया जा रहा है और पहले जो अॅक्ट था अुसमें काफी अंतर है। वह जो अॅक्ट था, वह अेक आदमी का बनाया हुआ था, जो कि फासिस्ट मनो वृत्ति का था, और अिस में जो भी लोग लिये गये थे वह भी खुशामदी मनोवृत्ति के थे। अिस लिये अिन लोकल बोर्ड का बोर्डस की तरफसे कुछ भी काम न होता था। हैंदराबाद स्टेट का पॉलिटिक्स और ही किसम का है। यहां पहले असेंब्ली कायम हुअी। और बाद में अिलेक्टेड संस्थाअें आयीं। ग्राम पंचायतें, टाअुन कमेटिज म्युनिसिपालिटीज, लोकल बोर्डस आदि पहले आनी चाहिये थीं और फिर बाद में लेजिस्लेटिव्ह असेंब्ली आनी चाहिये थी। लेकिन अिसकी जिम्मेदारी तो पहली गव्हर्नमेंट पर ही है। पहली गव्हर्नमेंट यहां डेमाक्रेसी (Democracy) नहीं लाना चाहती थी। अिसका नतीजा यह हुआ की आज १९५३ में यहां लोकल बोर्ड बिल हमारे सामने आ रहा है।

बाहर ब्रिटिश अिंडिया में तो पहले पहल लोकल सेल्फ गव्हर्नमेंट अिंस्टिटयूशन्स (Local Self-Government Institutions) कायम हुअे और फिर ग्रॅज्युअल प्रोसेस (Gradual process) से बाकी के अिंस्टिटयूशन्स कायम हुवे। मैंतो यह बातें सिर्फ हिस्ट्री के तौर पर आपके सामने रखरहा हूं। पहले पहल लार्ड रिपन ने अिस तरह के अिंस्टिटयूशन्स कायम किये और अुसमें नुमाअिंदे चुननेका मौका पहले पहल कुछ अंशतक दिया गया। कलेक्टर म्युनिसिपालटीज और लोकल बाडीज का अध्यक्ष था। अिसके बाद १९१९ में मॉर्ले मिंटो रिफार्मस आये जिसके तहत म्युनिसिपालिटीज और लोकल बोर्ड को ज्यादा अधिकार मिले हैं। और फिर कहीं जाकर १९३५में अेक अॅक्ट बना जिसके तहत बहुतसे प्रांतों में कांग्रेस की मिनिस्ट्री बाबी। और फिर अिस तरह के काम कांग्रेस मिनिस्ट्री ने अपने जमाने में काफी किये। और फिर रेव्होल्युशनरी चेंजेस (Revolutionary Changes)

किये। पहले जो म्युनिसिपालिटीज या डिस्ट्रिक्ट लोकल बोर्ड कमेटीज थीं अुसमें प्रेसिडेंट नामिनेटेड रहता था। लेकिन १९३५के बाद म्युनिसिपालिटीज और डिस्ट्रिक्ट के लिये कहीं अॅडल्ट फ्रॅंचाअीज (Adult Franchise) का तत्व मानागया। अिस तरह हम देखते हैं कि वहा४०,५० सालसे लोकल बोर्ड आदि का काम चल रहा है। हम यह भी देखते हैं कि अन्य स्टेट में जो लोकल बोर्डज काम कर रहे हैं अुनका सालाना बजट १५,२० लाखतक का हुआ करता है। और डेमाक्रॅटिक तरीके पर यह काम वहां अच्छी तरह होरहा है। और अिस से लोगों का डेमाक्रसी का अनुभव ज्यादा अच्छा है। वहां ग्रॅज्युअली डेमाक्रसी आअी है। और हमारी डेमाक्रेसी अेकदम आअी है।

हमें यह कहा जाता है कि डेमाक्रेसी जो आती है वह अिन लोकल सेल्फ गव्हर्नमेंट अिन्स्टिट्यूशन्स (Local Self-Government Institutions) के जरिये से ही आती है। अंग्रेजी में अिस के लिये अेक कहावत भी मशहूर है. कि पार्लमेंटेरियन्स आर बार्न अिन दी काअुंटीज ऑफ अिंग्लंड(Parliamentarians are born in the counties of England.)

हमारे यहां भी हम यही देखते हैं कि जो भी अच्छे पार्लमेंटेरियन्स (Parliamentarians) होगये हैं वह पहले अिसी तरह कि किसी न किसी लोकल अिन्स्टिटयूशन्स में काम किया करते थे और तभी बाद में वे अच्छे पालिटीशियन्स हुअे। पंडित नेहरु हमारे यहां के अच्छे पार्लमेंटेरियन हैं। वह अलाहाबाद म्युनिसिपालिटी में काफी सालों तक काम किया करते थे। अुसी तरह स्वर्गीय श्री. विठ्ठल भाअी पटेल भी बंबअी म्युनिसिपालिटी के काफी दिन तक प्रेसिडेंट भी रह चुके थे। अुसी तरह सरदार वल्लभभाअी पटेल भी अहमदाबाद के कारपोरेशन में काफी दिन काम करचुके थे। कहने का मतलब यह है कि सच्चे पार्लमेंटेरिअन्स तो यहीं तैयार हुआ करते हैं।

अभी अभी कुछ दिनों पहले मैंने बाम्बे कारपोरेशन के मेयर श्री. स. का. पाटिल का अेक भाषण अखबार में पढा। अुन्हों ने यह भाषण सोलापूर की अेक सभा में दिया था। अुन्होंने कहा था कि मैं आज पार्लमेंट का मेंबर हूं और बांम्बे कारपोरेशन का मेयर भी हूं। यदि मुझे पूछा जाय कि दोनों में से तुम क्या पसंद करते हो। तो मैं तो कारपोरेशन का मेयर ही रहना चाहता हूं। क्योंकि वहां रहकर ही लोगों की ज्यादा सेवा की जा सकती है" 'और आदमी यदि सही काम करना चाहता हो तो वहीं कर सकता है"। मेरे कहने का मतलब यह है कि हमारे यहां भी पहले यदि डिस्ट्रिक्ट बोर्ड जैसे लोकल अिन्स्टिटयूशन्स कायम किये जाते तो ज्यादा अच्छा होता। अुससे हमारे यहां के लोगों को डेमाक्रेसी की अच्छी ट्रेनिंग मिलती। लेकिन हमारे यहां अेकदम असेंब्ली ही कायम हुअी अुसका नतीजा यह हुआ कि हमारे यहां के लोगों को जो ट्रेनिंग पहले मिलनी चाहिये थी वह नहीं मिलने पाअी। आज हमारे यहां असेंब्ली में जो लोग चुन कर आये हैं वह जियादा तर रॉहॅन्डस् (Raw hands) हैं। मुझे यदि कोअी पहले पूछता कि आप असेंब्ली मे जाना चाहते हैं या लोकल बोर्ड मेंतो मै तो लोकल बोर्ड मे ही जाना अधिक पसंद करता क्योंकि वहां जाकर जनता की ज्यादा सेवा की जा सकती है।

यहां आज असेंब्ली के सामने जो बिल लाया गया है वह तीन विभाग में तकसीम किया गया है। अुसमें पहला विभाग कॉन्स्टिटयूशनल बातों से ताल्लुक रखताहै कि अिस कानून का कॉन्स्टिटयूशन किस तरह किया गया है। दूसरा जो विभाग है अुसमें फायनान्स के बारे में बताया गयाहै और तीसरा विभाग अेक्झिक्यूटिव्ह के बारे में है।

पहले विभाग में जो मुख्य बात है वह यह है कि यह जो बिल लाया गया है वह अॅडल्ट फ्रॅंचाअिज के तत्व को मानकर लाया गया है। लोकल बोर्ड में जो भी मेंबर्स आयेंगे। अिसमें नान-ऑफिशियल्स (Non-officials) नामिनेटेड मेंबर्स (Nominated members) कोअी भी नहीं आसकते हैं। हां अेक बात अिसमें जरूर कही गअी है। वह यह है कि कुछ आफिसर्स जो हैं वह सरकार की तरफसे नामिनेटेड। रखे गये हैं और अिस चीज को तो मैं आज की हमारी हालत में ठीक ही मानता हूं। अिस तरह यदि जानकार और अच्छे अेक्झिक्युटिव्ह आफिसर नामिनेट होकर आयेतो हमारी डेमॉक्रसी ज्यादा अच्छी तरह चल सकेगी। हमने म्युनिसिपल अिलेक्शन के समय देखा है कि जो जानकार लोग होते हैं वह पार्टी बाजी की वजह से अिलेक्शन में चुनकर कुछ अंश में नहीं आसके है। अिस के लिये मैं आप के सामने परभणी का अुदाहरण रखना चाहता हूं। वहां के म्युनिसिपालिटी में शेतकरी कामगार पक्ष का बिलकुल अनपढ आदमी अध्यक्ष चुनकर आया लेकिन अेक वकीलको जोकि काफी लिखापढा है और अुनके पारटीका है वह चुनकर न आ सका। डेमाक्रसी मे तो यही कभी कभी हुआ करता है। अिसलिये जानकार आदमीको लेने के लिये कुछ नामिनेशन रखना जरुरी है अैसा समझकर अिस बिल में यह गुंजायश रखी गअी है कि सरकार अपने कुछ अच्छे अच्छे जानकार अफसर अिस बोर्ड में नामिनेट कर सके। जहां अेक कमेटी ४०,५० मेंबर्स की रहेगीं, जो कि चुने हुअे होंगे। अुनमें यदि ४-५ अफसर्स नामिनेट हो कर जाते हैं तो कोअी ज्यादा फरक नहीं पडने वाला हैं।

लोकल बोर्ड की जो स्ट्रेंग्थ रखी गअी वह २४ से ४८ अैसी रखी गअी है। मैं अिसमें कुछ चीज सुझाना चाहताहूं। यह संख्या कायम करने के पहले हमारे डिस्ट्रिक्टस की लोक संख्या का विचार किया जाना चाहिये। बिना लोकसंख्याका विचार कियेही यदि हम संख्या कायम करें तो जो छोटे डिस्ट्रिक्टस् हैं अुनके कमिटिमें ज्यादा मेंबर्स आयेंगे और जो बडे डिस्ट्रिक्टस हैं अुनकी लोकलबोर्ड कमिटीमें कम लोग रहेंगे। यह ठीक नहीं हैं। अिस से बराबर रिप्रेझेंटेशन नहीं मिलेगा। अिसके बारे में हमें सोंचने की जरूरत है। हमे अैसा तय करना चाहिये की १५ या २० हजार की पाप्युलेशन पर अेक मेंबर चुना जाये। तभी वहां के लोगों का बराबर रिप्रेझेंटेशन किया जासकता है। अिस लिये पाप्युलेशन का लिहाज करते हुअे यह संख्या तय करनी चाहिये कि बोर्ड में कितने मेंबर्स रह सकते हैं।

दूसरी चीज मैं यह कहना चाहता हूं कि अिस कानून में शेडयुल्ड कास्ट को तो रिझर्व्हेशन दिया गया है। हमने अभीअभी हुअे म्युनिसिपल अिलेक्शन में देखा है कि स्त्रियों को चुनावों में नहीं खडा किया गया था। विशेषतः कांग्रेस और पी.डी. अेफ को तरफसे किसी स्त्री को नहीं खडा किया था। मैं यह कहना चाहता हूं कि जहां हमारे यहां आधे वोटर्स तो महिलाओं में से हैं तो अुनको यदि कुछ रिप्रेझेंटेशन न हो तो वह तो बात ठीक नहीं है। बाम्बे स्टेटमेंभी महिलाओंके लिये रिझर्व्हेशन रखा गया है। खास कर मै देहात की महिलाओंके बारे में कहना चाहता था। वे तो आप के अिलेक्शन में नहीं आयी हैं। जो कुछ चुनाव में खडी रही हैं वह सब शहरोंसे खडी रही हैं। अिसलिये देहात की महिलाओं के लिये कुछ न कुछ रिझर्व्हेशन रखना जरुरी है।

अब अिस बिल में जो तीसरा चॅप्टर है वह प्रेसिडेंट के बारे में है। किसी भी बॉडी में प्रेसिडेंट यह अेक बहुत जरुरी और महत्वपूर्ण चीज मानी जाती है। यदि लोकल बोर्ड का प्रेसिडेंट सुस्त रहा हो

तो वह लोकल बोर्ड भी सुस्त हो जाता है। और फिर लोकल बोर्ड का काम बराबर नही चलता है। अिस लिये प्रेसिडेंट को खुद को ज्यादा अॅक्टिव्ह रहना चाहिये। कॉन्स्टिटयूशनल और अॅडमिनिस्ट्रेटिव्ह अैसी दोनों बातें लोकल बोर्ड के प्रेसिडेंट को देखनी पडती हैं। वह अॅडमिनिस्ट्रेटीव्ह हेड भी रहता है। और कान्स्टिटयूशनल हेड भी वही रहता है। हमारे असेंब्ली में मिनिस्टर यह अॅड मिनिस्ट्रेटयूटिव्ह हेड है और स्पीकर कान्स्टिटयूशनल हेड हैं। लेकिन लोकल बोर्ड का प्रेसिडेंट तो दोनों भी रहता है। वह मिनिस्टर भी है और स्पीकर भी हैं। वही सारे लोकल बोर्ड को कंट्रोल करता है। अिस लिये अुसको २४ घंटे काम करना पडता है। और काफी घूमना भी पडता है। अितनी जिम्मेदारी का काम होते हुअे भी हम देखते हैं कि प्रेसिडेंट को कुछ भी आनरेरियम नही रखा गया है। और कानून में अिसके लिये कोअी प्रोव्हिजन भी नही रखा गया है। अिसके अूपर भी हमें सोंचना चाहिये। और अिसका भी प्रबंध जरूर करना चाहिये।

हमारे यहां मिनिस्टरों को, स्पीकर और डेप्युटी स्पीकर को तनख्वाह दी जाती है लेकिन डिस्ट्रिक्ट लोकल बोर्ड के प्रेसीडेंट को कोअी तनख्वाह नहीं रखी गअी है। अगर हम चाहते हैं कि लोकल बोर्ड का कारोबार अच्छी तरह चलना चाहिये, अुनमें अेक्टिव लाअीफ लाना चाहिये तो अिस संबंध में कुछ न कुछ प्रोवीजन अवश्य करना चाहिये। अिस दृष्टिसे बंबअी के मिनिस्टर श्री. भाअु साहेब हिरे ने अिस प्रकारका सुझाव भी रखा था। अुसी चीजको अगर हम अपने यहां करेंगे तो अुनका कारोबार अच्छा चलेगा और अुनके वर्किंग में हम जान ला सकेंगे।

मुझे यह देखकर आश्चर्य मालूम हुआ कि प्रेसीडेंट के लिये कोअी तनख्वाह नहीं रखी गअी है लेकिन सदस्यों के लिये फर्स्ट क्लास अफसरों का टी. अे. दिया जानेवाला है। बीड जैसे जिले में चालीस पैंतालीस सदस्यों को फर्स्ट क्लास अफसरों का टी. अे. दिया जाय तो साल भर में करीब करीब तीस या चालीस हजार रुपये डिस्ट्रिक्ट लोकल बोर्ड के अिसी में खर्च हो जायेंगे। जहां अुस बोर्ड की आमदनी तीन या चार लाख की रहेगी। अुनका बजट अिस असेंब्ली की तरह दस बीस करोड का नहीं होता है लेकिन बहुत छोटा सा बजट हुआ करता है। अितना खर्च वहां नहीं किया जा सकता है अिसलिये अिसको काफी कम किया जाना चाहिये।

अिसके बाद मैं हैदराबाद डोमीनियन लोकल गवर्नमेंट सर्विस की तरफ आता हूं। अिसके खर्च का सारा भार डिस्ट्रिक्ट लोकल बोर्ड पर रखा गया है। यह भार अुनके लिये बहुत भारी है। अपने रेवेन्यू से अुनको अिन अफसरों के लिये साढे बारह परसेंट प्रोवाअीड करना पडेगा। औरंगाबाद जैसे डिस्ट्रिक्ट का बजट चार छः लाख का होगा। अुसमें से अगर साढे बारह परसेंट अफसरों के लिये खर्च किया जाय तो अुनका अेडमिनिस्ट्रेशन तो टॉप हेवी हो जायगा। अिसके बाद अुनको अेस्टॅब्लिशमेंट का भी खर्च करना पडेगा। मीनियल स्टाफ के लिये खर्च करना पडेगा। अुनके रेव्हेन्यू का पचीस या तीस परसेंट अिसीमें खर्च होगा और बाकी बचा हुआ सडक वगैरा कामों पर खर्च करना पडेगा अिसलिये मैं कहता हूं कि यह खर्च हमारी असेंब्ली के बजट से दिया जाय। हमारा अनुभव है कि पिछली गवर्नमेंट का रवैया तो अेंटी विलेजर्स (Anti-villagers) था। लेकिन मैं महसूस करता हूं और मुझे माफ किया जाय यह कहने के लिये कि हमारी आज की गवर्नमेंट का भी रवैया देहातों की तरफ स्टेप मदर (step-mother) का सा है।

जो भी सहूलियतें हैं वह सारी हैदराबाद, सिकंदराबाद, औरंगाबाद और वरंगल को मिलती हैं लेकिन देहातों को अभी काफी नहीं मिल रही है। अिलेक्ट्रिसिटी के अिलेक्ट्रिक अिंजीनिअर को हम देखते हैं कि हमारे बजट से तनख्वाह दी जाती है लेकिन लोकल बोर्डों को दिये गये अफसरों की तनख्वाह अुन्हीं के बजट से जाती है। अगर हम चाहते हैं कि लोकल बोर्डज अपने काम अच्छी तरह से कर सकें और अुनके पास जियादा पैसा आये तो अफसरों की तनख्वाह का भार हमें अपने अूपर लेना चाहिये और लोकल बोर्डों का सारा पैसा अुनके अपने काम करने के लिये देना चाहिये।

अिस के बाद चॅप्टर ७ पर आता हूं जोकि ड्यूटीज अॅड पावर्स ऑफ दि बोर्ड (Duties and Powers of the Board) के संबंध में है। ड्यूटीज और पावर्स तो अुनको काफी दी गअी हैं। जैसे कान्स्टीटयूशन ऑफ अिंडिया (Constitution of India) ने प्राविन्शिअल गवर्नमेंटस को काफी काम दिये हैं अुसी तरह से प्राविन्शिअल गवर्नमेंट ने लोकल बोर्डज की तरफ काफी काम सोंप दिये हैं और वे अुनको करने पडते हैं। बंबअी में और हमारे यहां मुझे अेक फर्क दिखाअी दिया है कि बंबअी में (प्रायमरी अेज्यूकेशन) प्राथमिक शिक्षण डिस्ट्रिक्ट लोकल बोर्डज को तरफ दिया गया है हमारे यहां गवर्नमेंट नेअुसको पहले से ही अपने हाथ में ले लिया है। बंबअी गवर्नमेंट भी प्रायमरी अेज्यूकेशन अपने हाथ में लेने के बारे में सोंच रही है। हमारे यहां लोकल बोर्डज के हाथ में अेजूकेशन नहीं है लेकिन कुछ डिस्क्रिशनरी ड्यूटीज अुनको तरफ सौंपी गअी हैं जैसे मेन्टेनन्स, कन्सट्रक्शन अँड मॅनेजमेंट ऑफ आयुर्वेदिक अॅड अॅलोपॅथिक हॉस्पिटल्स। मैं चाहताहूं। कि जैसे बंबअी में लोकलबोर्डज के जिम्मे अेज्यूकेशन है यहां के पब्लिक हेल्थ-डिपार्टमेंट की तरफ से यह जिम्मेदारी डिस्ट्रिक्ट बोर्ड को सौंपी जाय और लोकल बोर्डज को तरफ हेल्थ, सेनीटेशन जैसे काम दिये जायें। अैसा करने से यह होगा कि जिलों में जिन कामों की आज जियादा आवश्यकता है अुनको डिस्ट्रिक्ट लोकल बोर्डज कर सकेंगे।

अिस के बाद अुनके रिसोर्सेस के बारे में कहना चाहता हूं। अुनके कुछ मीन्स ऑफ टॅक्सेशन (Means of Taxation) हैं। लोकल सेस है वह तो रूपये को दो आने है और मैं समझता हूं कि देहाती भाअी अिसके लिये कोअी अेतराज नहीं करते। अुनके लिये कुछ अच्छा काम किया जायगा तो अुनको यह टॅक्स देने में कोअी नाराजी नहीं होसकती। अुनके दीगर टॅक्सेस यह हैं। प्रोफेशन टॅक्स, टोल टॅक्स, मार्केट टॅक्स, अेक्झीबीशन टॅक्स, वॉटर टॅक्स वगैरह। अिनसे जो आमदनी अुनको होगी वह अुनको जो काम करने पडते हैं अुसके लिहाज से बहुत कम रहेगी अिसलिये मैं चाहता हूं कि स्टेट गवर्नमेंट को जियादा ग्रॅांटस डिस्ट्रिक्ट लोकल बोर्ड को देनी चाहिये। हम देखते हैं कि हैदरा बाद और सिकंदराबाद। म्यूनिसिपल कारपोरेशन को हम ज्यादा ग्रॅांटस देते हैं लेकिन लोकल बोर्डज की तरफ ख्याल नहीं देते।

अिसके बाद आखरी चॅप्टर है कंट्रोल का। यह चीज अिमरजन्सी का लिहाज करके रखी गयी है। बंबअी और मद्रास में देखें तो मालूम होता है कि अिमरजन्सी हो तो कलेक्टर अपने हाथ में डिस्ट्रिक्ट लोकल बोर्ड का कारोबार ले लेता है। अगर कुछ लोकल बोर्डज अैसे हों जो कुछ काम नहीं करते तो अुस सूरत में कलेक्टर अुनको अपने हाथ में ले सकता है। अिस के बारे में अेतराज की जरूरत नहीं

लेकिन मैं कहना चाहता हूं कि यद्यपि हमारे स्टेच्यूट में यह प्रोवीजन होगा फिर भी सही मानों में अिसका कोअी अुपयोग नहीं क्योंकि अगर हम लोकल बोर्डज का काम अच्छी तरह से करें तो कलेक्टर को अिसमें अिंटरफिअर करने की कोअी गुंजाअिश नही रहेगी ।

मुझे आशा है कि जो सजेशन्स मैं ने दिये हैं अुनके अूपर हुकूमत गौर करेगी और अगले वक्त बिल में अुनको शामिल करने की कोशिश करेगी ।

شری گو پال راؤ اکبوٹے۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ ڈسٹرکٹ بورڈ بل کی فرسٹ ریڈنگ ہاؤز کے سامنے ہے اور ایتک دو سائنیہ سدیسوں کے وچار ہم نے سنے ۔ اس بل کی منظوری کے ساتھ ھی گویا ہم نے ایک آخری قدم لوکل سلف گورنمنٹ کے میدان میں اٹھایا ہے جسکے نتیجہ کے طور پر جگہ جگہ پر سیوک باڈیز وجود میں آجاتے دہیں ۔ اس لحاظ سے یہ قانون لوکل سلف گورنمنٹ کے میدان میں آخری یا مختتم کہلا سکتا ہے ۔ اور اس بات پر ہمیں ضرور خوشی منانا چاہئے کہ دیر ہی سے سہی لیکن سیوک باڈیز قائم ہو جائیںگے گرام پنچائتیں ۔ میونسپل کمیٹیز ۔ ٹاؤن کمیٹیز ۔ کارپوریشنس اور ڈسٹرکٹ بورڈس قائم ہوجائیں تو سیوک لائف کا جو میدان تھا اس میں ہماری کوششیں پا یہ تکمیل کو پہنچ جاتی ہیں ۔ اس پر ہمیں خوشی کا اظہار کرنا چاہئے ۔ لیکن ایک چیز جو میں محسوس کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ گذشتہ تین قوانین ہمارے سامنے نہیں آئے تھے ۔ وہ اس زمانہ میں تدوین کئے گئے تھے جبکہ '' ون میان رول ،، یہاں تھا ۔ لیکن اب وہ حالات نہیں ہیں ۔ ڈسٹرکٹ بورڈ سے متعلق بل پہلی بار عوامی نمائندوں کے سامنے آیا ہے اور ظاہر ہے کہ ہمارا اپروچ ڈسٹرکٹ بورڈ کے لحاظ سے ہے وہ سیوک باڈیز کے لحاظ سے ہوگا ۔

قبل اسکے کہ اس بل کے سیلنٹ فیچرس سے متعلق میں کچھ کہوں جو اعتراضات کئے گئے ہیں پہلے اس پر کچھ کہونگا ۔ میرے متر نے نامینیشن کے سلسلہ میں یہ کہا کہ یہ ایک بڑا ریٹرا گریڈیو اسٹپ ہے ۔ نامینیشن کے تعلق سے انہوں نے یہ بھی کہا کہ کانگریس اپنے آخری لمحات میں ہے ۔ وہ اضلاع میں ختم ہوتی جا رہی ہے اور یہ آخری سانس عہدہ داروں کے سہارے لینے کی ایک کوشش ہے ۔ یہ ہے انکا ایک مختصر سا اعتراض جو نامینیشن کے سلسلہ میں کیا گیا ۔ میں اسکو کوئی اہمیت نہ دیتا اگر مجھے یہ معلوم ہوتا کہ اس میں سنٹیمنٹس ہیں لیکن لاجک نہیں ۔ یا اگر ہے بھی تو سنٹیمنٹس اور ریزننگ اور لاجک کم ۔ جہاں تک نامینیشن کے پرنسپل کا تعلق ہے میں نہیں سمجھتا کہ اس سلسلہ میں خیالات میں مد بھیڑ ہوسکتی ہے ۔ لیکن اس سلسلے میں کانگریس کے متعلق جو کہا گیا اسکے بارے میں مجھے صرف وہ مثل یاد آتی ہے کہ '' کھسیانی بلی کھمبا نوچے ،، میں اس کو اس سے زیادہ اہمیت نہیں دیا ۔ اگر وہ ٹاؤن کمیٹیز کے الکشنس کے نتائج پر نظر ڈالکر اپنے گریباں میں منھ ڈالتے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ ایسا نہ کہتے کہ کانگریس گرتی چلی جا رہی ہے اور اب عہدہ داروں کا سہارا لینا چاہتی ہے ۔

وہ ایسا الزام نہیں لگتے - دونوں قوانین کے تحت (۱۶۰) سیوک باڈیز کام کر رہی ہیں۔ دو کارپوریشنس ہیں (۱۳۲) ٹاؤن کمیٹیز ہیں اور (۲۶) میونسپالٹیز ہیں - وہ بھی ایک پارٹی کوئیڈ کرتے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ انکے پاس بھی اسکا حساب ہوگا۔ کیونکہ انہوں نے بھی الکشن میں حصہ لیا ہے - انہیں اچھی طرح معلوم ہوگا کہ دونوں کارپوریشنس میں کانگریس کو بہت بڑی اکثریت حاصل ہوئی - ۲۶ میونسپالٹیز کے منجملہ (۱۶) میں کانگریس کو بڑی اکثریت حاصل ہوئی - ۱۳۲ ٹاؤن کمیٹیز کے منجملہ (۱۰۰) باڈیز کیتاً کانگریس کے ہاتھ آئیں (۵) بالکل مارجن پر ہیں - اس طرح (۱۶۰) میں سے (۱۲۰) باڈیز کانگریس کے قبضہ میں ہونے کے باوجود میں نہیں سمجھتا یہ کہنا حقیقت پسندانہ ہے کہ کانگریس دم توڑ رہی ہے - اس میں کوئی لاجک نہیں - نامنیشن کے سلسلے میں کم از کم عوامی نمائندوں کے سامنے یہ دلیل رکھنے کی ہمت تو نہ کرنی چاہئیے - نامنیشن بھی جو رکھا گیا ہے وہ نان افیشلس کا نہیں ہے بلکہ افیشلس کا ہے - $\frac{1}{8}$ یا $\frac{1}{6}$ کی حد تک اسکی گنجائش رکھی گئی ہے - اس پر اصولی طور پر بحث کی بجائے سینٹی منٹس (Sentiments) کو دخل دیکر کانگریس پر کیچڑ اچھالنے کی کوشش کی جائے تو یہ مناسب نہیں ہے -

دوسری چیز جو اس دفعہ (۶) کے تعلق سے کہی گئی وہ یہ کہ الکشن میں کافی گڑبڑ ہوئی ہے - جہاں پی - ڈی - ایف کے پورے نامنیشن پیپرس ریجکٹ ہوگئے ان کا حوالہ دیکر کہا گیا کہ یہ تماشا کیوں کیا جاتا ہے - کہا گیا کہ نامینیشن کے بارے کوئی ٹیکنکل عذر کی بناء پر نامنیشن پیپر مسترد نہ کیا جانا چاہئیے - سید ان میں اترو اور لڑو - جو جیتے اسکے ہاتھ میں اختیار دیدو - بس - اگر موٹے طریقے سے غور کیا جائے تو یقیناً یہ طریقہ بالکل صحیح معلوم ہوتا ہے - لیکن غور کیجئیے تو معلوم ہوگا کہ دنیا کا کوئی گیم ہو اسکے رولس ہوتے ہیں - اور اگر رولس ہی کے تحت گیم کھیلا جائے تو اس میں مزا آتا ہے - اسی طرح الکشن کے بھی کچھ رولس ہیں - بہرحال کچھ نہ کچھ تو قواعد ہونے چاہئیں اور اگر قواعد ہوں تو انکی پابندی کی جانی چاہئیے - ایک فارم داخل کرنے کا طریقہ رکھا گیا ہے - کچھ کوالیفیکیشن (Qualifications) ہوتے ہیں - کچھ ڈس کوالفیفیکیشن (Disqualifications) ہوتے ہیں اسکی بناء پر الکشن کے گھوڑے کو دوڑاتے ہیں - ایک رٹرننگ آفیسر ہوتا ہے جو جانچ کرتا ہے - یہاں مجھے اس بچے کی تمثیل یاد آتی ہے جو امتحان یا کسی مقابلہ میں ناکام ہوکر اپنی کمزوری کو دیکھنے کی بجائے امتحان یا مقابلہ کی برائیوں کو گنانے لگے - ذرا غور کا مقام ہے کہ جو شخص اپنا نامنیشن فارم صحیح طور پر نہ بھر سکے وہ اتنی بڑی سیوک باڈی میں بیٹھکر کیا کام کرسکے گا جہاں ٹاون یا سٹی کے انتظامات کرنے پڑتے ہیں - بجٹ تیار کئے جاتے ہیں - کافی غور و خوض کرکے فیصلے کرنا ہوتا ہے ساری جنتا کی بھلائی کو پیش نظر رکھکر کام کرنا ہوتا ہے - اس کے لئے اس طرح کی

بو کھلاہٹ ظاہر کرنا میں نہیں سمجھتا کہ کوئی مناسب بات ہے ۔ میں اس سے متفق
ہوں کہ ٹکنیکل چیزوں کو اتنی زیادہ اہمیت نہ دی جانی چاہئے کہ اصلی مقصد ہی فوت
ہو جائے لیکن اس سلسلے میں یہ کہنا کہ کوئی اصول ہی نہ رکھا جائے کوئی کوالیفیکیشن
یا ڈس کوالی فیکیشن کا تعین ہی نہو کیا یہ کوئی معقول بات ہوسکتی ہے ؟ . . . . .

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ میں سمجھتا ہوں آنریبل ممبر نے میرا مطلب
غلط سمجھا ہے ۔ اصول تو یقیناً ہونا چاہئے ۔ لیکن انہیں اسقدر کامپلیکیٹڈ نہ بنا دیا جائے
کہ آگے چلکر ٹکنیکل ڈفکٹس کے بہانے نمائندوں ہی کو رجکٹ کر دیا جائے ۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ جن عذرات کی بنا پر نامینیشن پیپرز رجکٹ ہوں ممکن
ہے آپ اسکو ٹکنیکل کہیں میں انہیں نان ٹکنیکل کہہ سکتا ہوں ۔ مثال کےطور پر یہ
ایک اصول ہے کہ پروپوزر اور سیکنڈر اسی کانسٹی ٹیونسی کا ہونا چاہئے ۔ اگر میں
حیدرآباد سے کھڑا ہونا چاہتا ہوں اور بمبئی کا پروپوزر یا سیکنڈر ہے تو ایسی صورت
میں نامینشن پیپر رجکٹ ہوتا ہے ۔ آپ اسکو کیا کہینگے ۔ جو کوئی بھی الکشن میں
کھڑے ہوتے ہیں انہیں ذمہ دارانہ طور پر نامنیشن پیپر پیش کرنا چاہئے ۔ ان میں
اسکی تو قابلیت ہونا چاہئے ۔ بہر حال جو کوئی گیم ہو قواعد کے لحاظ سے ہی کھیلا جائے
تو اچھی طرح کھیلا جاسکتا ہے اور اس کا لطف بھی آتا ہے ۔

ڈسٹرکٹ بورڈس میں نامنیشن کا جو طریقہ رکھا گیا ہے اس کو ترقی پسندانہ اقدام
بھی سمجھا جاسکتا ہے ۔ ایک آنریبل ممبر نے خیال ظاہر کیا کہ جو متعلقہ آفیسرس
ہوتے ہیں انکے تجربہ سے بھی فائدہ اٹھانا چاہئے ۔ آپ کہتے ہیں کہ اسکی ضرورت نہیں ۔
یہ اپروچ کا فرق ہے ۔ میں نے سرسیسل کیر کی ایک کتاب حال ہی میں پڑھی ہے ۔
انہوں نے یہ اعتراض کیا ہے کہ ہم اپنے ہی ہاتھوں ایک نمائندہ کو منتخب کرتے ہیں ۔
وہ منتخب ہو کر کرسی پر آجاتا ہے ۔ تو ہم خود اسکو اپنا دشمن سمجھنے لگتے ہیں ۔
وہی حال ہمارے متروں کا ہے ۔ ہمنے الکشن کے اکھاڑے میں لڑا ۔ اسکے بعد حکومت
میں آنے کے بعد وہ ہمکو اپنا دشمن سمجھنے لگے ۔ حکومت کے عہدہ داروں کے متعلق
یہ سمجھنا کہ وہ ظلم و زیادتی کرنے کے لئے ہیں اور پھر یہ بھی سمجھنا کہ صرف ہم ہی
ایک جنتا کے سیوک ہیں ۔ صد فیصد سیوا ہم ہی کرنے والے ہیں یہ اپروچ کا فرق ہے ۔
جس طرح میں نے ایک بڑے آتھر کا حوالہ دیا ہے اس طرح عمل ہو رہا ہے ۔ میں
اس کو اس سے زیادہ اہمیت دینے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔

دفعہ ۶ یا ۷ میں جو سجھاؤ دیا گیا ہے اسکے بارے میں میں یہ مزید سجھاؤ
رکھونگا کہ مزید دو تین ڈپارٹمنٹس کے نمائندوں کو شریک کیا جائے ۔ سوشیل سرویس
ڈپارٹمنٹ بھی کافی اہمیت کا حامل ہے اسکو بھی نمائندگی دیجانی چاہئے ۔ یہ میری نجی
رائے ہے ۔ اگر الکٹڈ ممبرس کو نامینٹڈ ممبرس کے تجربہ سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے تو

کیا ہرج ہے ؟ خصوصاً ایسی صورت میں جبکہ ہمرا ملک تعلیم میں پیچھے ہے ہمارے
پاس تعلیم کا معیار ۱۰ فیصد ہے ۔ ہمیں ان فارمیالیٹیز کو صرف جذبات کی بناء پر نہیں
بلکہ ٹھنڈے طریقہ پر غور کرنا چاہئے ۔ اگر ڈسپیاشنیٹلی (Dispassionately) غور
کیا جائے تو ہمیں یہ ماننا پڑیگا کہ اس باڈی کو چلانے کے لئے کافی موثر مشینری کی
ضرورت ہے ۔ تا کہ ان بورڈز کے ذریعہ لوگوں کو حقیقی فائدہ پہنچ سکے ۔ اس قانون کو
پیش کرنے سے ہمارا مقصد اسکے سوا کچھ اور نہیں ہوسکتا ۔ اس مقصد کے حصول کے لئے
اگر ہمارے دو چار تجربہ کار اور ماہر آدمی آ کر بیٹھ جائیں تو اس سے کیا نقصان ہونے
والا ہے ۔ بیٹھنے دیجئے ۔ میں یہ مانتا ہوں کہ الکشنس کے طریقوں میں بعض اصلاحیں ہونی
چاہئیں ۔ جیسے آنریبل ممبر نے کہا کہ نامنیشن منظور یا نامنظور ہونے کا فوراً چارہ کار
ہونا چاہئے ۔ تا کہ پورے الکشنس لڑنے سے پہلے ھی کوئی موقع ملجائے ۔ اور پھر
دو بارہ الکشن کی ضرورت نہو ۔ چنانچہ پیپلز ریپرزنٹیشن ایکٹ میں ایسی ترمیم کرنے کی
کوشش کی جا رہی ہے ۔ میں ماننیہ منتری سے یہ کہونگا کہ وہ بھی اسکو دھیان میں
رکھیں ۔ ہمیں اپنے ملک کے لوگوں میں پولیٹیکل کانشیسنس (Political Consciousness)
پیدا کرنا ہے ۔ ہمیں انہیں ہوشیار کرنا ہے ۔ ہم جتنا زیادہ لوگوں میں تعلیم کو پھیلائینگے
اسی قدر ہمارا کام بہتر طریقے پر ہوسکیگا ۔ اور ہم ترقی کی منزل مقصود پر پہنچ سکینگے ۔

اسکے بعد تیسری چیز یہ کہ سرکلس کے بارے میں چند بچار میں آپکے سامنے رکھنا
چاہتا ہوں ۔ بل کی دفعہ (۶) یا غالباً (۷) میں اسکا طریقہ بتایا گیا ہے کہ بورڈ کی
کانسٹی ٹیونسی کیسے ہوگی ۔ بنیادی طور پر اسبارے میں جو خیال میرا ہے اسکو ایوان
کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں ۔ اسمیں میگزیمم اور منیمم نمبر جو بتایا گیا ہے وہ کس اصول کے
تابع ہے نہ معلوم ہوسکا ۔ بیس ہزار یا پچیس ہزار پر ایک نمائندہ ہوگا یا یوں ہی کوئی
ہندسہ مقرر کردیا جائیگا کہ عثمان آباد ایک اچھا ضلع ہے لہذا (۳۰) مقرر کرو اور
اورنگ آباد چونکہ اچھا ضلع نہیں ہے لہذا (۲۰) مقرر کرنا چاہئے ۔ پیوپلس ریپریزنٹیشن
ایکٹ میں ایک لاکھ کیلئے ایک نمائندہ رکھا گیا ہے وہاں بھی اسیطرح کیا جاتا تو بہتر
ہوتا ۔ ہمیں فرنچائیز کو معین کرنا اور نمائندہ کو مقرر کرنا چاہئے ۔ پاورس کو دوسرے
کے تفویض کرنے کیلئے ہم تیار نہیں ہیں ۔ میں ماننیہ منتری موہودے کا دھیان اس
طرف اپراشچت کرنا چاہتا ہوں کہ سرکلس کے تعلق سے جو مشکلات محسوس کیجارہی ہیں
انکو دور کرنے کی کوشش کریں ۔ بنیادی طور پر دفعہ ۶ کی طرف ایوان کو دھیان دینے
کی ضرورت ہے ۔ ایک ضلع میں سات لاکھ کی آبادی ہے تو وہاں کتنے نمائندے ہونگے اس
پر غور کرنا ضروری ہے ۔ آج اس قانون کو لانے کی ضرورت اسلئے ہوئی کہ بہت بڑا حصہ
اضلاع میں ایسا ہے جہاں سیول باڈیز مقرر نہیں ہیں حالانکہ ان مقامات پر بہت ضرورت ہے اور
بہت کچھ کام کرنا ہے ۔ ہمیں ان تمام مقامات کیلئے نمائندے دینا چاہئے جو موثر طریقہ
پر کام انجام دے سکیں ۔ سنہ ۱۹۵۱ع کے سنسز کے لحاظ سے اسکا پاور عوام کو ہونا

چاھئے کہ ۲۰ ھزار یا ۲۵ - ۳۰ ھزار کی آبادی پر سنسز کے تختہ جات کو سامنے رکھکر نمائندگی دے دیں تو بہتر ہوگا ورنہ آربیٹر یرینس ہوگا -

سکشن (۲۰) کے حوالہ سے پریسیڈنٹ کے تعلق سے یہ کہا گیا ھے کہ ریموو کرنیکا اختیار نہیں دیا گیا ھے - یہاں میونسپل ایکٹ اور کارپوریشن ایکٹ میں یہ عجیب طریقہ رکھا گیا ھے کہ مساوی طور پر ووٹ ہوجائے تو بچوں کے کھیل کی طرح بیجوں کے ذریعہ یا چٹھی اٹھاکر یا چت پٹ کے کھیل کی طرح اسکا فیصلہ کیا جائیگا - میں نے اس تعلق سے کافی تلاش کی کہ کسی قانون میں آیا اس قسم کا طریق کار مروج ھے یا کیا لیکن میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ کسی میونسپل ایکٹ یا کارپوریشن ایکٹ میں ایسا چت پٹ کا طریقہ رائج نہیں ھے اسلئے مانتیہ موھودے سے میری یہ پرارتھنا ھے کہ اس میں ایسی چیزیں نہ ہونی چاھئیں -

ایک اور چیز جسکی جانب توجہ دلانا ھے وہ یہ ھے کہ دفعہ (۲۵) میں ممبر کو ریموو کرنے کا بنیادی طریقہ رکھا گیا ھے - دفعہ (۲۵) یہ ھے

The Government may if it thinks fit on the recommendation of the Collector, remove any member of the Board elected or nominated under this Act, after giving him an opportunity of being heard and after full satisfaction that such member has been guilty of misconduct in the discharge of his duties or is guilty of any disgraceful conduct or has become incapable of performing his duties as a member of the Board.

یعنی یہ ری کال کا طریقہ کانسٹی ٹیونسی کو دیا گیا ھے لیکن ھمارے پاس ری کال کرنے کا جو طریقہ ھے وہ مانتیہ منتری موھودے کے غور کا محتاج ھے - اسمیں پریسیڈنٹ بورڈ کو ریموو کرنے کی سہولت نہیں ھے - ان چیزوں کو بتلانے کا منشأ یہ ھے کہ بعض دفعات ان میں ایسی ھیں جن پر جمہوری نقطہ نظر سے غور کرنے کی ضرورت ھے - آج اس زمانے میں جبکہ ڈسٹرکٹ بورڈ کا ایکٹ ھمارے سامنے آیا ھے ھمیں جمہوریت کی عینک سے اسکو دیکھنا غور کرنا اور اسمیں کافی اصلاح کرنی چاھئے - اس پر بقیہ اعتراضات ایسے ھیں جن کے جوابات فرسٹ ریڈنگ کے موقع پر دینا ضروری نہیں ھے - ایک چیز خاص طور پر ایوان کے سامنے رکھنا چاھتا ہوں - پورے بل کو پڑھنے کے بعد جس چیاپٹر کو اھمیت دیجا سکتی ھے وہ چیاپٹر (۲) ھے - کیونکہ یہ چیزیں ایسی ھیں جنکو واقعی اھمیت دیجاسکتی ھے - ورڈنگ کے تعلق سے اسپر دو اعتراضات ہوسکتے ھیں - ایک تو یہ کہ مدراس اور بمبئی ایکٹ کی وجہ سے اسمیں عجیب چیزیں پیدا ہوگئی ھیں اور دوسری چیز یہ کہ بعض جگہ "ان انگلشی" (Unenglish) طریقہ پر ایسے الفاظ لکھدئے گئے ھیں جو بہت ھی عجیب ھیں - مثلاً صفحہ (۱۲) پر یہ ھے کہ -

23. (1) Whenever in the event of the death, resignation or removal or other cause a vacancy occurs in the membership of the Board or in the office of President Vice-President.

اسمیں ریموول ہے اور ریسگنیشن بھی ہے -

" shall be elected or nominated in the prescribed manner according as the late member, President or Vice-President was elected or nominated.

اب یہ لیٹ ممبر کے معنی کیا ہوے جو ریموو ہوا ہے ؟ یا جو مر گیا ہے؟ اسیطرح کئی دفعات میں ایسی چیزیں آئی ہیں جنکی دوسری تمثیل آپکو کلاز (۲۲) میں ملیگی -

" When the office of the President is vacant, the Vice-President shall subject to the provisions of sub-section (2) exercise the functions of the President until a new President is elected and assumes office. When the office of the President is vacant and there is either a vacancy in the office of the Vice-President or the Vice-President has been continuously absent from jurisdiction.

" ایبسنٹ فرام جورسڈکشن " (Jurisdiction) یہ کیا چیز ہے -

شری انا راؤ گن مکھی - یعنی اپنے جورسڈکشن (Jurisdiction) سے باہر رہیں تو . . .

Shri V. D. Deshpande : Is an un-English term.

Shri Anna Rao Ganamukhi : The hon. member can suggest these at the time of second reading. During first reading he cannot suggest such amendments.

Shri Gopal Rao Ekbote : Jurisdiction is not a place from which he can be absent. Jurisdiction is a power or competency.

Shri Anna Rao Ganamukhi : I said that the hon. Member can suggest these changes during second Reading and not now.

شری گوپال راؤ اکبوٹے - میں یہ چیز کسی ایسی نیت سے نہیں کہہ رہا ہوں کہ کسی کی ہجو کروں . . . .

شری انا راؤ گن مکھی - یہ لہجہ جس سے گفتگو کی جارہی ہے ہجو کرنے سے بڑھکر ہے -

شری گوپال راؤ اکبوٹے - میں نے تو کوئی ایسا لہجہ اختیار نہیں کیا ہے جس کو ہجو سے بڑھکر سمجھا جائے لیکن اگر آپ ایسا سمجھتے ہیں تو میں مجبور ہوں . . . . .

شری اننت راؤ گن مکھی - آپ جس طرح ہنستے ہوئے کہہ رہے ہیں اوس سے میں ایسا سمجھنے پر مجبور ہوں -

شری گوپال راؤ ایکبوٹے - اگر آپ کا یہ خیال ہے کہ میں رونی صورت بنا کر کہوں تو میں اس سے مجبور ہوں -

یہ بل اپنی نوعیت کے لحاظ سے اہمیت کا حامل ہے اور اس کے اثرات سولہ سترہ ضلعوں پر پڑنے والے ہیں اس لئے الفاظ کے لحاظ سے اور اس کے اثرات کے لحاظ سے ہمیں کافی سنجیدگی کے ساتھ اس پر غور کرنا چاہیئے تا کہ اس بل کے مقاصد پورے ہوں اور لوگوں کو صحیح طور پر فائدہ پہونچے - میرا سجیشن یہ ہے کہ اس کو اسی سشن میں منظور کردیا جانا چاہیئے - عجلت کے تعلق سے تو سو فیصد میں تائیدمیں ہوں لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ملحوظ رکھنا ضروری ہے کہ اس سے جو مقاصد وابستہ ہیں وہ پورے ہوسکیں اس لئے میرا سجیشن یہ ہے کہ اس بل کو ایک سلکٹ کمیٹی کے تفویض کیا جائے اور سلکٹ کمیٹی سے یہ خواہش کی جائے کہ اسی سشن کے درمیان اس بل پر غور کرکے جگہ جگہ جو غلطیاں ہیں ان کو دور کریں تا کہ یہ ایک اچھا بل ہوجائے اور اصولی طور پر جو اعتراضات اس پر ہوسکتے ہیں ان پر سلکٹ کمیٹی غور کرکے رفع کرسکے -

مسٹر اسپیکر - چونکہ اب وقت ہو چکا ہے اس لئے ہم برخاست کرتے ہیں ۱۴ - سپٹمبر کو دو بجے ہم پھر ملینگے -

The House then adjourned till Two of the Clock on Monday, the 14th September, 1953.
